عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز پیر 9 نومبر 2026ء / 28 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 222

صنوبائی مرحکومت عوام کو ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی، جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا

دیوالی محبت، بھائی چارے، امن اور روشنیوں کا خوبصورت پیغام دیتی ہے۔ ایسے تہوار معاشرے میں باہمی احترام، رواداری اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے کا ذریعہ بنتے ہیں، پیغام

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک اور باہمت سماجی رہنما امینہ شفیع نے ملاقات کی، جس کے دوران خضدار میں بے سہارا اور یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے جاری سماجی خدمات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امینہ شفیع اپنی مدد آپ کے تحت ان بچوں کی سرپرستی اور تعلیم کی ذمہ داریاں نبھا رہی ہیں اور انہیں معاشرے کا باوقار اور خودمختار شہری بنانے کے لیے عملی جدوجہد کررہی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

حمزہ شہباز شریف سے ہندو برادری کے وفد کی ملاقات

دیوالی کا کیک کاٹا، تہوار کی تقریبات کے انتظامات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) ہندو برادری کے وفد نے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر درشن کی قیادت میں وزیراعظم آفس اسلام آباد میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے ملاقات کی۔ ملاقات حمزہ شہباز شریف کی دعوت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

شیری رحمان کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

مذہبی ہم آہنگی اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اظہار

پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے پاکستان سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیوالی روشنی، امن اور خوشیوں کا خوبصورت پیغام ہے، یہ تہوار محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کے جذبے کو فروغ دیتا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں شیری رحمان کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بین المذاہب رواداری، مذہبی ہم آہنگی، بھائی چارے اور قومی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ڈاکٹر مالک بلوچ کو وزارت اعلیٰ کی پیشکش کی گئی تھی ہم نے وزیراعظم 18 نکات رکھے، جان بلیدی

چمن، تفتان، مند اور جیونی سمیت تمام سرحدی گزرگاہیں کھولی جائیں، سینیٹر

سینیٹر جان بلیدی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے خضدار کی متحرک سماجی رہنما امینہ شفیع بات چیت کررہی ہیں

عالمی تنازعات پر اقوام متحدہ کی خاموشی حیران کن ہے، وزیراعظم

علامہ اقبال کا پیغام خودشناسی، جدوجہد اور روحانی آزادی سے تقدیر بدلنے کا درس دیتا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا یومِ اقبال پر خراجِ عقیدت، اقبال کی 150 ویں سالگرہ کے سلسلے میں آج سے قومی و بین الاقوامی تقریبات پر مشتمل سال بھر کے پروگرام کے آغاز کا اعلان

لاہور (جی این ایم): وزیراعظم شہباز شریف نے جاتی امرا میں سابق وزیراعظم اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے ملاقات کی، جس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی موجود تھیں۔ ذرائع کے مطابق اہم ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف دینے کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا، جبکہ مہنگائی میں کمی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے امور بھی زیر بحث آئے۔ ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 9)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی عیادت اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی

لاہور/کوئٹہ (جی این ایم) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل آج لاہور میں پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ اور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت حسین کی رہائش گاہ پر گئے جہاں انہوں نے ان کی خیریت دریافت کی۔ گورنر بلوچستان نے چوہدری شجاعت حسین کی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی ہندو برادری سمیت دنیا بھر میں دیوالی منانے والوں کو دلی مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کی ہندو برادری سمیت دنیا بھر میں دیوالی منانے والوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ہندو برادری کے نام تہنیتی پیغام میں کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

چینی وزارت خارجہ کی دعوت پر بلوچستان کے سرکاری افسران اور ماہر امور خارجہ محمد مہدی کا چینی وزارت خارجہ کے جنوبی ایشیاء ڈویژن کے قونصلر چینگ وی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

جمشید دستی کی جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی کیس کی ساعت 16 نومبر کو ہوگی

سپریم کورٹ نے جمشید دستی کی ضمانت میں 16 نومبر تک توسیع کر رکھی ہے، مقدمے کی ساعت اب تین رکنی بینچ کرے گا

اسلام آباد (جی این ایم): سپریم کورٹ میں سابق رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی ساعت 16 نومبر کو ہوگی۔ عدالت عظمیٰ اس سے قبل جمشید دستی کی ضمانت میں 16 نومبر تک توسیع کر چکی ہے۔ کیس کی ساعت (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو ریٹائر ہو جائیں گے، اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو ہوگا

چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی، جسٹس جمال خان مندوخیل اور اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کریں گے

اسلام آباد (جی این ایم): سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل 12 نومبر کو اپنے عہدے سے ریٹائر ہو جائیں گے۔ ان کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس 11 نومبر کو دن 12 بجے منعقد ہوگا۔ فل کورٹ ریفرنس سے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

بھارت میں حکومت مخالف احتجاج، 40 لاکھ طلبہ کی مبینہ تحریک پر سیاسی حلقوں میں تشویش

جھارکھنڈ کے وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری نے طلبہ کے احتجاج کو عوامی بے چینی کا اظہار قرار دیا

جھارکھنڈ (جی این ایم) بھارت میں نریندر مودی حکومت کے خلاف بڑھتی ہوئی سیاسی اور عوامی مخالفت کے حوالے سے مختلف حلقوں میں تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق، جھارکھنڈ کے وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری نے 40 لاکھ طلبہ کے احتجاج کو عوامی بے چینی کا واضح ثبوت قرار دیا ہے، جبکہ حکومت کی پالیسیوں پر بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

مفتی محمود مرکز کے خلاف سازش حکومت کو لے ڈوبے گی، مولانا عبدالواسع

حکومت آئینی و معاشی بحرانوں سے توجہ ہٹانے کے لیے لاشیں گرا رہی ہے، سینیٹر

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مفتی محمود مرکز پشاور کے خلاف مبینہ ریاستی سازشوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت ملک کے سنگین آئینی و معاشی بحرانوں اور قومی معدنی ذخائر پر قبضے جیسے معاملات سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے تشدد کا راستہ اختیار کر رہی ہے، تاہم ایسے اقدامات سے عوامی آواز دبائی جا سکتی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

مولانا شاہ محمد صدیقی کا وندر کا دورہ، قتل اور حادثات میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت

خان میر ظہیر اور میاں نور کے اہل خانہ سے ملاقات، جمعیت رہنما کا اظہار افسوس

وندر (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام پاکستان کی مرکزی جنرل کونسل کے رکن، ضلعی جنرل سیکرٹری اور میونسپل کارپوریشن حب کے کونسلر مولانا شاہ محمد صدیقی نے وفد کے ہمراہ وندر کا ایک روزہ دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف المناک واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلی ٹیشن کونسل (SIFC) کے ڈائریکٹر جنرل پشاور میں خیبر پختونخوا کی کاروباری برادری سے ملاقات کررہے ہیں

آرڈی ایم سی کا ونڈر ڈویلپمنٹ پروگرام، چاغی کے مقامی سپلائرز کی استعداد کار میں اضافے کے لیے اہم پیش رفت

نوکنڈی (جی این ایم) ریکو ڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے اپنے وینڈر استعداد کار بڑھانے کے پروگرام (Vendor Capacity Building Program) کا دوسرا مرحلہ کامیابی سے مکمل کرلیا (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

صحبت پور، لالا شاہین خان کے گھر پر اندھا دھند فائرنگ جس کے نتیجے میں لالا شاہین خان زخمی

صحبت پور (جی این ایم) پٹھان ویلفیئر آرگنائزیشن پاکستان کے چیف آرگنائزر لالا شاہین خان کے گھر پر اندھا دھند فائرنگ جس کے نتیجے میں لالا شاہین خان زخمی ہوگئے واقع کی اطلاع ملتے ہی پٹھان ویلفیئر سندھ بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

امریکہ کے ساتھ تعلقات ادارہ جاتی بنیادوں پر مضبوط بنانا ہونگے، منیر اکرم

ری پبلکن کی شکست، نیتن یاہو کی سیاسی مشکلات کے باوجود مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال میں فوری اور بنیادی تبدیلی کا امکان نہیں

آئزن کوٹ بھی سابق فوجی جنرل ہیں اور ان کی پالیسیاں بھی سخت گیر نوعیت کی ہیں، سابق سینئر سفارتکار کی انٹرویو میں گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے سابق سینئر سفارتکار اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ اپنے تعلقات ادارہ جاتی بنیادوں پر مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ڈیموکریٹک پارٹی سے بھی روابط بڑھانے چاہئیں، پاکستان کے لیے سب سے اہم تعلقات چین کے ساتھ ہیں، جو ملکی سلامتی اور خارجہ پالیسی کی بنیاد ہیں، امریکہ میں وسط مدتی انتخابات میں (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

خضدار کے قریب زیرو پوائنٹ پر المناک ٹریفک حادثہ، 35 سالہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق

تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، متوفی کی شناخت عبدالرشید کے نام سے ہوگئی

خضدار (جی این ایم) خضدار میں زیرو پوائنٹ کے قریب ایک المناک ٹریفک حادثے کے نتیجے میں تیز رفتار گاڑی کی زد میں آکر موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے زیرو پوائنٹ کے قریب تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل کو کچل دیا، جس کے باعث موٹر سائیکل سوار شدید چوٹیں آنے کی وجہ سے دم توڑ گیا۔ واقعے کے بعد پولیس اور امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کیا۔ جاں بحق شخص کی شناخت (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

صحافی امام بخش بلیدی کیخلاف ایف آئی آر انصاف کے منافی ہے، بلوچستان میڈیا فورم


امام بخش بلیدی کے خلاف ایف آئی آر سول ہسپتال جعفرآباد کے ڈاکٹروں کی بلیک میلنگ کا نتیجہ ہے، مرکزی اعلامیہ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی اعلامیہ میں صحبت پور کے معروف صحافی اور بلوچستان میڈیا فورم ضلع جعفرآباد کے ضلعی صدر امام بخش بلیدی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف جعفرآباد پولیس کی یک طرفہ کارروائی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ان کے خلاف درج ایف آئی آر کو سول ہسپتال جعفرآباد کے ڈاکٹروں کی مبینہ بلیک میلنگ کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ مرکزی اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ صحافی امام بخش بلیدی کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

ڈیرہ بگٹی میں کچی کینال کے قریب بارودی سرنگ کا دھماکہ، 1 شخص جاں بحق

امداد ٹیمیں اور سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ گئیں، علاقے میں سرچ آپریشن شروع

ڈیرہ بگٹی (جی این ایم) ڈیرہ بگٹی میں کچی کینال 12 نمبر شاخ کے قریب بارودی سرنگ کے دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نامعلوم عناصر کی جانب سے کچی کینال کے قریب سڑک کنارے نصب کی گئی بارودی سرنگ دھماکے سے پھٹ گئی، جس کی زد میں آکر ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا۔ فورسز (باقی صفحہ 2 نمبر 19)



The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

حقائق سے روگردانی ممکن نہیں

ازقلم/// غلام رسول بلوچ

حقائق یہ ہیں کہ پاکستان بیرونی اور اندرونی طور پر ایک مشکل اور نازک دور کا سامنا کر رہا ہے جہاں پہ دہشت گردی معاشی بدحالی نے ملک کو بڑی طرح سے متاثر کیا ہے اس سب کے باوجود جو سیاسی جمہوری، مذہبی اور قوم پرست جماعتیں ہیں ان کا رویہ بھی ملکی مفادات کے پیش نظر حوصلہ افزا نہیں آئے روز کے احتجاجات نے رہی سہی کسر پوری کردی۔ پاکستان کو ڈیلور کرنے نہیں دیا جارہا اس کے لیے قومی ہم آہنگی ضروری ہے ملی وحدت اور قومی اتفاق رائے سے معاملات کی سنجیدگی کو دیکھنے کی ضرورت ہے بحیثیت قوم حالات کی سنگینی کو سمجھنے کی ضرورت ہے زمینی حقائق کو نظر انداز کر کے اگے نہیں بڑھا جاسکتا اپنے ملک اور اپنے قومی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونے کی ضرورت ہے اور متحد ہو کر یکسو ہو کر ایک قوم بن کر کھڑا ہونے کی ضرورت ہے پاکستان میں زمینی حقائق یہ ہیں کہ پاکستانی قوم بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی کو جھیل رہی ہے۔ وہ دہشت گردی جس کے پیچھے پاکستان کا ازلی دشمن بھارت ہے۔ دہشت گردی کا ناسور اب ہمارے ملک کی معاشرتی زندگی کو بری طرح سے متاثر کر رہا ہے۔ جس میں ہماری ثقافت ہماری روایات ہماری اخلاقی اقدار ہمارا قومی احساس اور ملک کی جغرافیائی ونظریاتی اساس کو زخم لگ رہے ہیں۔ دہشت گردی ہے خلاف جنگ صرف افواج پاکستان یا سیکورٹی فورسز کی نہیں بلکہ یہ پوری قوم کی جنگ ہے جسے لڑے بغیر پاکستان میں امن و استحکام نہیں آسکتا۔ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والا پاکستانی اپنے ملک اور اپنی قوم کے تحفظ وبقاء کیلئے اس جنگ کا اہم سپاہی ہے۔ بھارتی ریاستی دہشت گرد پالیسی پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے درپے ہے اور اس مشن میں اس کے ساتھ اسرائیل کی مدد اور افغان سرزمین وافرادی قوت کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہے۔ پاکستان میں امن واستحکام اور معاشی بحالی ضروری ہے اس کے لیے سب سے پہلے حکومت کو ٹھوس بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ حکومت اور پارلیمانی سیاست کرنے والی تمام جماعتوں کو اپنا کلیدی رول ادا کر کے ملک وملت کی سلامتی ہو یقینی بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ پاکستان اس وقت نازک حالات سے دوچار ہے۔ کے پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی عروج پر ہے۔ آزاد کشمیر کے حالات اچھے نہیں ہیں وہاں پر انتشار اور فساد پھیلانے کی فضاء ہے۔ لوگ دانستہ یا نادانستہ طور پر ملکی مفادات اور قومی سلامتی سے متعلق حساس معاملات کی نزاکت کو سمجھ نہیں رہے ہیں اور اس کا فائیدہ دشمن قوتیں اٹھا کر پاکستان کے قومی اداروں اور افواج پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور جھوٹا بیانیہ ترتیب دے کر قوم میں بدگمانیوں کا زہر پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کے پی کے اور بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور فتنۃ الخوارج کے خلاف آپ کی بہادر افواج اور سیکورٹی فورسز ملکی بقاء اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں۔ ملک ہے بیٹے اور قوم ہے اصل ہیروز اپنی جانیں قربان کر کے جام شہادت نوش کر رہے ہیں۔ یہ شہداء اس ملک اور قوم کا فخر ہیں اور قابل تکریم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے آمین، پاکستان کی تاریخ شہداء کی قربانیوں سے مزین ہے ان کی قربانیاں اس قوم پر قرض ہیں جنہوں نے اپنی بھری جوانیاں ملک کی عزت اور ناموس اور قوم کی بقاء وتحفظ کے لیے قربان کیں۔ آج قوم متحد ہو جائے اور ملکی سلامتی ہے لیے اپنے اداروں کا بھرپور ساتھ دے۔ دشمن پروپیگنڈے اور جھوٹے بیانیے کا موثر جواب دے کر دشمن کے مکروہ عزائم اور ناپاک سازشوں کو ناکام بنائیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

☆☆☆☆

بھوسہ منڈی میں بڑھتی بدامنی اور فحاشی باعث تشویش

جمعیت علما اسلام مفتی زرولی خان صاحب یونٹ بھوسہ منڈی کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس امیر یونٹ مولوی حبیب الرحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں علاقے کی امن وامان کی صورتحال اور معاشرتی بے راہ روی کے مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں مجلس عاملہ کے اراکین مولوی حکمت اللہ، مولوی ضیا اللہ خوشحال، مولوی عبدالنافع، مولوی عطا الرحمٰن، حافظ نصیب اللہ خبیب اور مولوی نجیب اللہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف اہم ایجنڈوں کے علاوہ بالخصوص بھوسہ منڈی میں بڑھتی ہوئی بدامنی، فحاشی وعریانی، چوری وڈکیتی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں اراکین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بھوسہ منڈی کے علاقے میں امن وامان کے قیام، اسلامی ومعاشرتی اقدار کے تحفظ اور معاشرے کی اصلاح کے لیے جمعیت علما اسلام اپنا پرامن، مثبت اور بھرپور کردار مسلسل ادا کرتی رہے گی۔

جمعیت علما اسلام مفتی زرولی خان صاحب یونٹ بھوسہ منڈی کی مجلس عاملہ کا ایک اہم اجلاس امیر یونٹ مولوی حبیب الرحمٰن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں علاقے کی امن وامان کی صورتحال اور معاشرتی بے راہ روی کے مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں مجلس عاملہ کے اراکین مولوی حکمت اللہ، مولوی ضیا اللہ خوشحال، مولوی عبدالنافع، مولوی عطا الرحمٰن، حافظ نصیب اللہ خبیب اور مولوی نجیب اللہ نے شرکت کی۔

01

کہا ہے کہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی حکومت کے سامنے صوبے کے مسائل کے حل کے لیے 18 نکات پیش کیے گئے تھے، جن پر عملدرآمد کے حوالے سے اب قدرے بہتری نظر آرہی ہے۔ سرحدی گزرگاہیں کھولنے کے فیصلے کے مثبت اثرات سامنے آئیں گے، جبکہ وفاقی حکومت ...

داری کی روشن مثال قائم کررہی ہیں۔

05

کے پلیٹ فارم پر تمام مظلوم اقوام اپنے قومی وسیاسی حقوق کے لیے جدوجہد کررہی ہیں، فارم 47 کے حکمران اور ان کے حواری بی این پی کی قیادت کے خلاف زبان درازی اور منفی پروپیگنڈا محض اپنے آقاؤں کو خوش کرنے اور اپنی ناکام حکومت کو دوام دینے کے لیے کررہے ہیں، انہیں بخوبی احساس ہے ...

معاف نہیں کیا جائے گا، انہوں نے قانون کی بالادستی کو ہر قیمت پر یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیر داخلہ نے فیڈرل کانسٹیبلری کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایف سی ہمیشہ ملک میں امن کے قیام کے لیے ہمیشہ پہلی صف میں رہی ہے، یہ فورس دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن آپریشنز، اہم سرکاری تنصیبات کی حفاظت، قومی سطح کے ترقیاتی منصوبوں کی سکیورٹی اور ملک بھر میں امن وامان کی بحالی کے فرائض انتہائی جرات اور بہادری کے ساتھ سرانجام دے رہی ہے۔ پاس آؤٹ ہونے والے نئے جوانوں سے مخاطب ہوتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ وہ پہلی مرتبہ وفاقی حکومت کے لیے اسپیشل پروٹیکشن ونگ اور اینٹی رائٹ ونگ کی ذمہ داریاں سنبھال رہے ہیں، جو کہ ایک انتہائی اہم اور تاریخی مشن ہے، انہوں نے جوانوں پر زور دیا کہ ان کے کندھوں پر ریاست کے تحفظ اور قانون وآئین کی پاسداری کی بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، جسے انہیں پوری دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت سے نبھانا ہوگا۔

07

انتظامی یونٹس بنائے جاتے ہیں، پاکستان میں بھی اس حوالے سے غور ہونا چاہیے، ماضی میں تمام صوبوں کو ضم کر کے ون یونٹ بنایا گیا تھا، تاہم بعد میں یہ فیصلہ واپس لے لیا گیا خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ملک کی آبادی میں اضافہ ہو چکا ہے، اس لیے عوام کو سہولتوں کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے، افغانستان میں پہلے 8 سے 10 صوبے تھے، جنہیں تقسیم کر کے 30 سے 32 صوبوں میں تبدیل کردیا گیا۔ وزیر دفاع نے کہا ہے کہ طاقت کا ارتکاز لاہور، کراچی، کوئٹہ اور پشاور تک محدود نہیں ...

سے انہوں نے اسلامی تعلیمات کے فکری پہلوؤں کو موضوع بحث بنایا، جبکہ ان کے اسلامی افکار مسلمانوں کو عملی زندگی میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ حکومت علامہ اقبال کی ولادت کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز کر رہی ہے، جو 9 نومبر 2027ء تک جاری رہیں گی۔ اس سلسلے میں قومی اور بین الاقوامی سطح پر سال بھر خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی، جن میں بین الاقوامی کانفرنسیں، علمی وتحقیقی مذاکرے، ادبی میلے، نمائشیں، تعلیمی مقابلے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہوں گی۔ ان پروگراموں کا مقصد اقبال کے فکری ورثے کو نئی نسلوں تک منتقل کرنا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت اس عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے کہ فکرِ اقبال کو تعلیمی اداروں، قومی مباحث اور ترقیاتی ترجیحات میں مؤثر مقام دیا جائے۔ فکری بیداری، کردار سازی اور اجتماعی احیائے نو کو قومی مقاصد کا لازمی حصہ بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیراعظم کے مطابق علامہ اقبال کا تصور خودی افراد اور اقوام کو یہ سبق دیتا ہے کہ خود شناسی، بامقصد جدوجہد اور روحانی آزادی کے ذریعے ہی اپنی تقدیر بدلی جاسکتی ہے۔ اقبال کو نوجوان نسل پر غیر معمولی اعتماد تھا اور وہ اسے قوم کے مستقبل کا معمار سمجھتے تھے۔ ان کے تصور شاہین میں جرا?ت، خودمختاری، بلند پروازی اور حصول کمال کا عزم نمایاں ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ فکرِ اقبال پائیدار قومی ترقی کے لیے امن، سماجی ہم آہنگی، رواداری اور انصاف کا پیغام دیتی ہے۔ علامہ اقبال کا فلسف? حیات نفرت، انتہا پسندی، فرقہ واریت اور امتیازی سلوک کی نفی کرتا ہے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ بین الاقوامی سطح پر مسلم اتحاد، عالمگیر اخوت اور پرامن بقائے باہمی کا پیغام اقبال آج بھی ...

کرنا ہوگا تاکہ عوام کے بنیادی مسائل کا مستقل حل نکالا جا سکے۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور صوبے کی ترقی کے لیے فنڈز اور وسائل کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، صوبے کے عوام نے بہت مشکلات جھیلی ہیں اور اب وقت آ گیا ہے کہ انہیں امن، روزگار اور معیاری زندگی کی سہولیات فراہم کی جائیں، محض نعرے بازی سے عوام کا پیٹ نہیں بھرتا بلکہ عملی اقدامات اور شفاف نیت کی ضرورت ہوتی ہے۔

12

کو فکری بنیاد فراہم کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ علامہ اقبال محض ایک عظیم شاعر نہیں بلکہ دوراندیش مفکر بھی تھے۔ ان کا تاریخی خطبہ الٰہ آباد ایک ایسے سیاسی تصور اور نظری مملکت کا عکاس تھا جو آگے چل کر تحریکِ پاکستان کی اہم فکری بنیاد بنا۔

13

جلد اور مکمل صحتیابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین ملک کے سینئر سیاسی رہنما ہیں اور انکی صحت وتندرستی زیادہ ضروری ہے۔ انہوں نے انکی صحتیابی اور تندرستی کیلئے بھی دعا کی۔

14

دیوالی مبارک!۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری تہنیتی پیغام میں انہوں نے ہندو برادری کے لیے خوشیوں، امن، محبت اور خوشحالی کی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی کا ہر روشن دیا امن، امید، محبت اور روشنی کا پیغام دیتا ہے، دیوالی کی روشنی مذہب، رنگ ونسل کی تفریق سے بالاتر ہو کر ہر دل اور آنگن کو جگمگاتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ...

عزت ووقار اور آزادی صحافت کے تحفظ کے لیے ہر قانونی وآئینی فورم پر آواز بلند کرتا رہے گا۔

18

سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ جھارکھنڈ کے وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری نے دعویٰ کیا کہ ملک بھر میں تقریباً 40 لاکھ طلبہ اور نوجوان احتجاج کر رہے ہیں اور وہ راہول گاندھی کے اشارے کے منتظر ہیں۔ ان کے بقول نوجوانوں کے علاوہ کسان، متوسط طبقہ، دلت، قبائلی اور مسلمان بھی موجودہ حکومتی نظام سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عرفان انصاری نے خبردار کیا کہ اگر وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی شکایات پر توجہ نہ دی تو بھارت میں ہنگامی حالات پیدا ہوسکتے ہیں اور صورتحال بنگلہ دیش اور نیپال سے بھی زیادہ خراب ہوسکتی ہے۔ ان کے ان بیانات پر بھارتیہ جنتا پارٹی نے شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے انہیں انتشار پھیلانے والا قرار دیا اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا۔ دوسری جانب، بھارت میں حکومت مخالف مظاہروں اور نوجوانوں کی تحریک کے تناظر میں سیاسی کشیدگی کی خبریں بھی سامنے آئی ہیں۔ تاہم ملک میں خانہ جنگی شروع ہونے یا احتجاج کے اس سطح تک پہنچنے کی آزادانہ تصدیق دستیاب اطلاعات سے نہیں ہوتی؛ خانہ جنگی کے خدشات سے متعلق بیانات کو سیاسی رہنماؤں کے انتباہات کے طور پر ہی دیکھا جانا چاہیے۔

19

نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کرنے کے ساتھ ساتھ ملزمان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن کا آغاز کردیا ہے۔

20

عناصر بھاگنے لگے تو راستے میں کسی چیز سے ٹکرا کر گرے اور زخمی ہوگئے اسے فوری طور انسانیت کے ناطے زخمی کو ہسپتال پہنچایا اس کا علاج بھی کرایا واقع کی اطلاع پر مغیری قبیلے کے شرپسندوں نے رات کے 4 بجے چوبارہ میرے گھر پر فائرنگ کردی جس کی وجہ سے اہل علاقہ میں شدید خوف ہراس پھیل گیا انہوں نے کہا کہ ہم امن پسند لوگ ہیں اور ایس پی اور ڈپٹی کمشنر جیکب آباد سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مجھے انصاف فراہم کیا جائے اور حملہ آوروں کو فوری طور گرفتار کیا جائے۔

24

ری پبلکن پارٹی کی شکست اور اسرائیل میں نیتن یاہو کی سیاسی مشکلات کے باوجود مشرق وسطی کی صورتحال میں فوری اور بنیادی تبدیلی کا امکان نہیں تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے اور کسی معاہدے تک پہنچنے کے لیے سیاسی دباؤ بڑھ سکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ امریکی انتخابات میں ری پبلکن پارٹی کی شکست کے پیچھے ایران جنگ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی معاشی مشکلات بھی اہم عوامل ہیں، امریکی عوام مہنگائی اور اسرائیل کی مدد سمیت بیرون ملک جنگوں پر ہونے والے اخراجات سے پریشان ہیں، جس کا سیاسی نقصان ٹرمپ انتظامیہ اور ان کی جماعت کو اٹھانا پڑا ہے۔ اسرائیل میں بھی نیتن یاہو اب تک حکومت بنانے میں کامیاب نہیں ہوسکے جبکہ اپوزیشن بھی واضح اکثریت حاصل نہیں کر پائی جس کے باعث وہاں سیاسی کشمکش جاری ہے، اس صورتحال میں نیتن یاہو جنگ جاری رکھنے اور امریکہ کو ایران کے خلاف مزید کارروائی پر آمادہ کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ منیر اکرم نے کہا کہ امریکی ...

تھا، تاہم دیر آید درست آید۔ ان کے مطابق وزیراعظم اور وفاقی حکومت کے سامنے پیش کیے گئے نکات پر عملدرآمد کے حوالے سے پیش رفت دکھائی دے رہی ہے اور امید ہے کہ اس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ سینیٹر جان بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کی جغرافیائی اہمیت کے پیش نظر ایران اور افغانستان کے ساتھ سرحدی تجارت کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔ وفاقی حکومت کو چمن، تفتان، مند اور جیونی سمیت دیگر سرحدی گزرگاہیں کھولنی چاہئیں تاکہ مقامی آبادی کے روزگار، کاروبار اور معاشی سرگرمیوں کو بحال کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تقریبا 900 کلومیٹر طویل سرحد ایران کے ساتھ واقع ہے، جبکہ افغانستان کے ساتھ بھی صوبے کی سرحد ملتی ہے، اس لیے سرحدی تجارت کو محدود کرنے کے بجائے منظم اور مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سابق وزیراعلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو وزارت اعلی کی پیشکش ضرور کی گئی تھی، تاہم نیشنل پارٹی نے وزیراعظم کے سامنے یہ مطالبہ نہیں رکھا تھا کہ ڈاکٹر مالک بلوچ کو دوبارہ وزیراعلی بنایا جائے۔ وزیراعظم سے ملاقات کا بنیادی مقصد بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل اجاگر کرنا اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کرنا تھا۔ جان بلیدی نے کہا کہ وفاقی حکومت کو بلوچستان کے حوالے سے اپنا بیانیہ بھی درست کرنا ہوگا۔ سخت بیانیے اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی انداز اختیار کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے بات چیت کا راستہ اپنانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات اور سیاسی مکالمے کے دروازے بند نہیں ہونے چاہئیں، کیونکہ اختلافات اور پیچیدہ مسائل کا حل بات چیت ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست اور ...

01

اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا ہے۔اپنے خصوصی پیغام میں سینیٹر ثنا جمالی نے کہا کہ دیوالی خوشیوں، محبت، امن، بھائی چارے اور روشنی کا خوبصورت پیغام ہے۔ یہ تہوار ہمیں باہمی احترام، رواداری اور ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہونے کا درس دیتا ہیانہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے، جہاں مختلف مذاہب اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے افراد آباد ہیں۔ ہندو برادری سمیت تمام اقلیتیں ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ سینیٹر ثنا جمالی نے مزید کہا کہ تمام مذاہب کا احترام، مذہبی آزادی، باہمی رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کا فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی عقائد اور روایات کا احترام کرتے ہوئے امن، محبت اور بھائی چارے کو فروغ دینا چاہیے۔

02

مذاہب، ثقافتوں اور تہذیبوں کا حسین امتزاج ہے جہاں مذہبی رواداری اور باہمی احترام قومی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ دیوالی کے موقع پر سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے ہندو برادری کے نام پیغام میں ہندو اراکینِ پارلیمنٹ اور ملک بھر میں آباد ہندو برادری کو دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو بلاامتیاز مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل ضمانت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی عبادات، مذہبی رسومات اور روایات پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے، اقلیتوں کو قومی زندگی کے تمام شعبوں میں مساوی مواقع اور نمائندگی فراہم کی گئی ہے، مذہبی ہم آہنگی اور رواداری ہماری قومی اقدار کا بنیادی حصہ ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہندو اراکینِ پارلیمنٹ کی پارلیمانی اور قانون سازی کے عمل میں فعال شرکت جمہوری اداروں کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندو برادری نے تعلیم، صحت، تجارت، معیشت اور سماجی خدمات سمیت مختلف شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے تمام شہریوں کا باہمی تعاون، یکجہتی اور قومی ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ اپنے پیغام کے آخر میں انہوں نے دعا کی کہ دیوالی کا تہوار ہندو برادری کے لیے خوشیوں، امن اور خوشحالی کا پیغام لائے اور ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی، محبت اور بھائی چارے کو فروغ ملے۔

03

آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

04

ایران کی قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی کے حالیہ دوروں کے دوران روس اور ایران کے درمیان دفاعی تعاون سمیت گیس کی نئی پائپ لائن بچھانے کے منصوبے پر بھی بات چیت ہوئی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ روس کئی برس سے ایران کو ایس 400 دفاعی نظام فروخت کرنے کا عندیہ دیتا رہا ہے، تاہم اسرائیل اور خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کے خدشے کے باعث اب تک اس معاہدے پر پیش رفت نہیں ہوسکی تھی۔ برطانوی اخبار کا کہنا ہے کہ ایران نے حالیہ عرصے میں روس کے ساتھ ہتھیاروں کی فراہمی کے متعدد معاہدے کیے ہیں، بظاہر یہ معاہدے ایران کے طویل مدتی دفاعی منصوبوں کا حصہ ہیں جن کا مقصد امریکا کے ساتھ ممکنہ جنگ کی صورت میں اپنی دفاعی صلاحیت بہتر بنانا ہے۔ اخبار نے ایران کیلئے روسی میزائلوں کی تیاری کا بھی انکشاف کیا ہے، جنہیں ہیلی کاپٹر سے فائر کیا جاسکتا ہے، محسن رضائی کے دورہ ماسکو سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے پر بھی سوالات اٹھ گئے ہیں کہ روس ایران کی مدد نہیں کر رہا۔

05

شعبوں میں تعاون کے فروغ اور باہمی دفاعی اشتراک سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف سمٹ کے موقع پر دیگر عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں باہمی دلچسپی کے امور اور عالمی سطح پر تعاون کے امکانات زیر بحث آئیں گے۔ وزیراعظم کا یہ تین روزہ دورہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون آگے بڑھانے کے تناظر میں اہمیت کا حامل ہے۔

06

اور بلند مقاصد کا درس دیا۔ ان کا پیغام ہمیں مایوسی سے نکل کر محنت، علم، کردار سازی اور عملی جدوجہد کے ذریعے کامیابی کی منزل حاصل کرنے کا حوصلہ دیتا ہے۔ اقبال نے ایک ایسے خوددار، باصلاحیت اور باکردار نوجوان کا تصور پیش کیا جو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرے۔ صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ آج کے دور میں علامہ اقبال کے افکار اور نظریات کو سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ نئی نسل کو اقبال کے پیغام خودی، حب الوطنی، علم و عمل اور اتحاد سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم اقبال منانے کا حقیقی مقصد محض تقریبات کا انعقاد نہیں بلکہ ان کے نظریات اور تعلیمات کو اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کا حصہ بنانا ہے۔ ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ علامہ اقبال کے خواب کی تعبیر اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دیانت داری اور قومی جذبے کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں گے۔

07

بریگیڈ کی ٹیم نے بروقت موقع پر پہنچ کر کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا اور گھر کو مزید نقصان سے بچا لیا۔ بروقت کارروائی کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ مالی نقصان بھی کم سے کم ہوا ہے۔

08

کے مطابق تحصیل میر حسن کھوسہ کے علاقے میں معروف زمیندار و قبائلی شخصیت میر منظور خان کھوسہ شالی کے ذخیرہ شدہ ڈھیروں میں اچانک آگ بھڑک اٹھنے کے نتیجے میں ہزاروں من شالی جل کر خاکستر ہوگئی، جس کے باعث کسانوں کو بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ آتشزدگی کے واقعے پر معروف سیاسی و سماجی شخصیت میر ارشد حسین خان کھوسہ نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ کسانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ تحصیل کا درجہ حاصل ہونے کے باوجود میر حسن کھوسہ میں فائر بریگیڈ اور ایمبولینس جیسی بنیادی ہنگامی سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ آگ لگنے کے فوری بعد مقامی سطح پر فائر بریگیڈ کی عدم دستیابی کے باعث آگ پر بروقت قابو پانا ممکن نہ ہوسکا اور شعلوں نے شالی کے بڑے بڑے ذخائر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، جس کے نتیجے میں کسانوں کی سال بھر کی محنت اور جمع پونجی جل کر خاکستر ہوگئی میر ارشد حسین خان کھوسہ نے کہا کہ آتشزدگی کے بعد ڈیرہ مراد جمالی سے فائر بریگیڈ کی گاڑیاں طلب کی گئیں، تاہم ان کے جائے وقوعہ پر پہنچنے تک شالی کا بڑا حصہ آگ کی نذر ہو چکا تھا۔ انہوں نے کہا کہ آج دنیا جدید ترقی کے دور میں داخل ہو چکی ہے، لیکن افسوس کہ ہمارے علاقے میں بنیادی ہنگامی سہولیات تک میسر نہیں، جس کا خمیازہ عام شہریوں اور خصوصا کسانوں کو بھگتنا پڑ رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ کسان پہلے ہی مہنگی کھاد، بیج، زرعی ادویات، ڈیزل اور دیگر زرعی اخراجات کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ایسے حالات میں تیار فصل کے ذخیرے کا جل کر خاکستر ہوجانا متاثرہ کسانوں کے لیے ایک بڑا معاشی دھچکا ہے، جس سے ان کی سال بھر کی محنت اور مالی وسائل کو شدید نقصان پہنچا ہے میر ارشد حسین خان کھوسہ نے پی ڈی ایم اے، کمشنر نصیر آباد ڈویژن اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ آتشزدگی کے واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، متاثرہ کسانوں کے نقصانات کا شفاف اور غیر جانب دارانہ تخمینہ لگایا جائے اور انہیں فوری مالی معاوضہ فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ تحصیل میر حسن کھوسہ میں مستقل بنیادوں پر فائر بریگیڈ، ایمبولینس اور دیگر ضروری ہنگامی سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی صورت میں بروقت کارروائی ممکن ہوسکے اور عوام کے قیمتی اثاثوں کو نقصان سے بچایا جاسکے۔

09

میں دونوں جانب سے 3 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ 3 دیگر افراد گولی لگنے سے شدید زخمی ہوئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال کو کنٹرول میں لیا اور لاشوں و زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مزید بدامنی کو روکنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں جبکہ واقعے کی تفتیش جاری ہے۔

10

جبکہ تین ساتھی زخمی ہوگئے جبکہ دوسرے واقعہ میں پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو نہ رکنے پر فائرنگ کردی، مشکوک افراد فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ فائرنگ سے کسی قسم کے نقصان کا اطلاع نہ ملی۔

11

کی پسماندگی کی بڑی وجوہات میں تعلیم سے دوری اور تعلیمی شعور کا فقدان شامل ہیں، صوبے کی روشن مستقبل اور پائیدار ترقی کیلئے ضروری ہے کہ تعلیم کے فروغ کو اولین ترجیح دی جائے اور ہر بچے کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سکول اسٹاف کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں گورنمنٹ کلی رحم الدین کے اساتذہ کرام کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں پر فخر ہے، جنہوں نے اپنی انتھک کوششوں سے ادارے کو اعلیٰ مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی محنت ہی قوم کے مستقبل کو سنوارتی ہے۔ حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا کہ موجودہ حکومت تعلیم کے فروغ اور تعلیمی اداروں کی بہتری کیلئے قابل تحسین کردار ادا کر رہی ہے، جبکہ سیکرٹری تعلیم سکولز بلوچستان حاجی لعل جان جعفر کی تعلیمی شعبے کی بہتری، اساتذہ کے مسائل کے حل اور تعلیمی معیار بلند کرنے کیلئے کاوشیں قابل قدر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گورنمنٹ کلی رحم الدین کا تدریسی عملہ اپنی ذمہ داریاں مزید محنت، دیانت داری اور لگن کے ساتھ ادا کرتے ہوئے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی بہتر تربیت کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

12

رہا۔ خصوصاً اسکول جانے والے معصوم بچوں اور بچیوں کی جانوں کو شدید خطرات لاحق ہیں، جنہیں روزانہ تعلیمی اداروں تک آنے جانے کے دوران آوارہ کتوں کے حملوں کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں کے مطابق نوکنڈی میں عرصہ ؟ دراز سے آوارہ کتوں کی بہتات کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ متعلقہ حکام کی جانب سے اس اہم عوامی مسئلے کے حل کے لیے تا حال کوئی مؤثر اور عملی اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ مختلف سیاسی و سماجی شخصیات اور عوامی حلقے مسلسل اپنے بیانات کے ذریعے یونین کونسل کے چیئرمین اور سیکرٹریز سمیت متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شہر کو آوارہ کتوں سے پاک کرنے کے لیے فوری اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں، مگر بار بار توجہ دلانے کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، لیکن نوکنڈی کے عوام اس بنیادی سہولت سے بھی محروم دکھائی دیتے ہیں۔ شہر میں آوارہ کتوں کی آزادانہ نقل و حرکت نے شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا پیدا کر دی ہے۔ خواتین بچوں کو گھروں سے نکلتے ہوئے مشکلات کا سامنا ہے، بچے اور بچیاں خوف کے باعث غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں، جبکہ بزرگوں اور دیگر شہریوں کے لیے بھی معمولات زندگی جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے نوکنڈی کے شہریوں کو آوارہ کتوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے اور شہر میں اس مسئلے کی ذمہ داری اٹھانے والا کوئی موجود نہیں۔ اگر خدانخواستہ کسی بچے، خاتون یا بزرگ کو آوارہ کتوں کے حملے میں نقصان پہنچا تو اس کی ذمہ داری کون قبول کرے گا؟ کیا متعلقہ حکام کسی بڑے حادثے کے رونما ہونے کا انتظار کر رہے ہیں شہریوں نے یونین کونسل کے چیئرمین، سیکرٹریز، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی روک تھام اور خاتمے کے لیے فوری طور پر مؤثر مہم شروع کی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسکولوں، بازاروں، گنجان آباد علاقوں اور رہائشی محلوں میں خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جاسکے۔

13

کا اندیشہ ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات میر سلیم کھوسہ اس کا نوٹس لے تاکہ معیاری کام کے ذریعے منصوبے مکمل ہو سکے جس سے عوام کو فائدہ پہنچے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں لیکن لوگوں کو اپنے پیاروں کے علاج معالجے کیلئے مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے کے لئے ایمبولینس میسر نہیں مریضوں کو موٹر سائیکل کے ذریعے ہسپتال منتقل کیا جاتا ہے جبکہ عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے لئے اربوں روپے کے فنڈز ملنے کے باوجود عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح تعلیمی اداروں کی بہتری، تعمیر و ترقی اور دیگر منصوبوں کی تکمیل پر کروڑوں روپے خرچ ہونے کے باوجود غیر معیاری کام کیا جا رہا ہے جس میں غیر معیاری میٹریل استعمال ہو رہا ہے۔ صوبائی وزیر اس کا نوٹس لے تاکہ لوگوں کو حکومت کی جانب سے ان کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی تعمیر پر معیاری میٹریل استعمال ہوا اور وہ منصوبے بروقت مکمل ہو جن کی افادیت اور ثمرات سے لوگوں کو فائدہ پہنچے۔ یہ صوبائی وزیر اور ارباب اختیار کی ذمہ داری ہے کہ وہ علاقہ کی تعمیر و ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ممکن بناتے ہوئے ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

14

زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں محکمے کے مالی سال 2022-23 کے آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صرف چار آڈٹ پیراز زیرِ غور آئے، جبکہ باقی ماندہ ایجنڈا 30 نومبر 2026 کو ہونے والے آئندہ اجلاس تک مؤخر کر دیا گیا غیر ترقیاتی بجٹ سے متعلق آڈٹ پیرا پر محکمے نے وضاحت کی کہ مالی سال 2022-23 میں محکمہ خزانہ کی جانب سے مختلف مدات میں 12 ارب 11 کروڑ روپے جاری کیے گئے، جن میں سے 2 ارب 83 کروڑ روپے غیر استعمال شدہ رہے یہ بچت خالی آسامیوں کے باعث تنخواہوں کی مد میں کم اخراجات اور دیگر جاری اخراجات میں بچت کی وجہ سے ہوئی۔ کمیٹی نے محکمے کی وضاحت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ آڈٹ پیرا نمٹا دیا ترقیاتی بجٹ کے 26 کروڑ 90 لاکھ روپے غیر استعمال شدہ رہنے سے متعلق آڈٹ پیرا پر محکمے نے بتایا کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ 31 ارب 53 کروڑ روپے کے مقابلے میں یہ رقم تقریباً 0.85 فیصد بنتی ہے محکمے نے رقم استعمال نہ ہونے کی وجوہات بھی پیش کیں، جن پر کمیٹی نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یہ آڈٹ پیرا بھی نمٹا دیا مختلف بلڈنگ ڈویژنز میں مبینہ زائد ادائیگیوں کی مجموعی رقم 9 کروڑ 3 لاکھ 41 ہزار روپے سے متعلق آڈٹ پیرا نمبر 4.2.1 کے تحت شامل 25 اضلاع میں سے اجلاس میں صرف شیرانی اور لسبیلہ کے معاملات زیرِ بحث آئے ضلع شیرانی کے ترقیاتی منصوبوں میں خود رو پودوں اور جھاڑیوں کی کٹائی و صفائی پر ایک لاکھ 51 ہزار روپے کے اخراجات کے حوالے سے محکمے نے بتایا کہ متعلقہ تصویری شواہد آڈٹ ٹیم کو فراہم کیے جائیں گیا کیسین بلڈنگ لسبیلہ سے متعلق معاملے پر تفصیلی جواب جمع کرانے کے لیے مہلت طلب کی گئی کمیٹی کو بتایا گیا کہ متعلقہ دور کے ایکسین ریٹائر ہو چکے ہیں اور جواب کی تیاری کے لیے ضروری ریکارڈ یکجا کیا جا رہا ہے محکمے نے واضح کیا کہ اجلاس میں مذکورہ چار پیراز کے علاوہ کوئی اور پیراز زیر بحث ہی نہیں آیا۔ اس لئے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد ہیں اور ریکوری سے متعلق خبروں کو کمیٹی کے فیصلے کے طور پر پیش کرنا درست نہیں چیئرمین پی اے سی نے محکمے کو مزید ہدایت کی کہ 30 نومبر 2026 کے آئندہ اجلاس میں زیر التوا آڈٹ پیراز کے تفصیلی جوابات پیش کیے جائیں انہوں نے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کی زیرِ صدارت ان برسوں کے آڈٹ پیراز پر محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی، ڈی اے سی کے اجلاس منعقد کرنے کی بھی ہدایت کی جن پر تا حال ڈی اے سی اجلاس نہیں ہوئے محکمے نے ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا صارفین سے اپیل کی کہ اجلاس کی کارروائی سے متعلق معلومات کی اشاعت سے قبل تصدیق کی جائے اور انہیں درست سیاق و سباق کے ساتھ پیش کیا جائے۔

15

میزان چوک سمیت مختلف علاقوں میں انسداد گداگری کے خلاف کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران 11 کم عمر بھکاریوں کو تحویل میں لے کر مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ تھانے کے حوالے کردیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ شہر میں منظم گداگری کی روک تھام اور اس کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

16

، ٹرمینل کے دکانداروں اور ٹرانسپورٹرز کے مطابق وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں انہوں نے ڈی پی او پنجگور سے اپیل کی ہے کہ بس ٹرمینل میں دکانداروں ٹرانسپورٹرز کو سیکورٹی کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں اور مسروقہ سامان کی برآمدگی یقینی بنائیں۔

17

اور سخت جدوجہد کے بعد آگ پر مکمل قابو پا کر مزید نقصان کو روکا۔ واقعے کے دوران آگ کے شدید پھیلاؤ کو دیکھتے ہوئے مقامی خواتین نے قرآن پاک اٹھا کر دعائیں کیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی مرحوم نبی بخش کھوسو کے گاں میں چاول کے ڈیرے پر حملہ آوروں نے آگ لگائی تھی جس میں 2 چوکیدار زخمی ہوئے تھے۔ علاقے میں مسلسل پیش آنے والے ان واقعات پر مقامی حلقوں اور عوام میں شدید تشویش و خوف پھیلا ہوا ہے، اور انہوں نے پولیس و فرنٹیئر کور (ایف سی) سمیت دیگر سیکیورٹی اداروں سے امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔

18

ڈیرہ مراد جمالی سے بتایا گیا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا اور علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ فائرنگ کی وجوہات تا حال معلوم نہیں ہوسکیں، جبکہ حملے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

19

پیغام میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی تمام مذاہب اور عقائد کے ماننے والوں کے حقوق، مذہبی آزادی اور باہمی احترام پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہندو برادری سمیت تمام اقلیتوں کا کردار قابل تحسین ہے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کا دیا ہوا 1973 کا متفقہ آئین تمام شہریوں کو بلاامتیاز مساوی حقوق اور مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق، مذہبی ہم آہنگی اور پرامن معاشرے کے فروغ کے لیے جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک ایسے معاشرے کے قیام کے لیے پرعزم ہے جہاں ہر شہری کو اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل آزادی حاصل ہو۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ ہندو برادری کی عبادت گاہوں، جان و مال اور مذہبی آزادی کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیوالی کا پیغام ہمیں محبت، برداشت، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا درس دیتا ہے۔ آخر میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے دعا کی کہ دیوالی کا یہ تہوار پاکستان سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کے لیے خوشیوں، امن، ترقی اور خوشحالی کا باعث بنے۔

20

مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی گنداخہ پریس کلب پہنچی، جہاں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے سے رئیس شہزادہ خان جمالی، ایم کیو ایم کے سینئر رہنما حاجی علی شیر جمالی، جنرل کونسلر میر مرتضیٰ لاشاری، ثنا اللہ خان جمالی، مشتاق عزیز جمالی، داد محمد جمالی، علی مردان صوبدرانی جمالی اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہدادکوٹ پولیس نے رات کے اندھیرے میں لکھپت روڈ پر قائم جمالی برادری کے پرامن احتجاجی کیمپ پر چڑھائی کی، جہاں پر خواتین اور بچوں کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ قبائلی شخصیت میر خان صوبدرانی جمالی، کامریڈ منیر بروہی، کامریڈ حبدار میر جت اور دیگر ساتھیوں کو گرفتار کرکے ان کے خلاف چار چار مقدمات درج کرنا سراسر ناانصافی ہے۔ پرامن احتجاج ہر شہری کا بنیادی حق ہے، اس لیے احتجاج کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے بجائے ان کے مطالبات سنے جانے چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمالی برادری اپنے لوگوں کے ساتھ ہونے والی مبینہ زیادتی کے خلاف آواز بلند کر رہی ہے اور اس معاملے پر خاموش نہیں رہے گی۔ احتجاجی مظاہرے کے شرکا نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی لاڑکانہ اور ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ سے مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، میر خان صوبدرانی جمالی اور ان کے ساتھیوں کے خلاف درج مقدمات ختم کیے جائیں اور تمام گرفتار افراد کو فوری طور پر رہا کیا جائے۔

21

کرتا ہوں۔ یعقوب کلوانی نے کہا کہ میں ایک معزز شہری ہوں اور ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے۔ کسی بھی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ بغیر کسی ثبوت کے دوسرے شخص یا اس کے اہلخانہ پر الزامات عائد کرکے ان کی عزت اور وقار کو مجروح کرے۔ اگر کسی کو کوئی شکایت یا اختلاف ہے تو اس کے لیے قانونی راستے موجود ہیں، الزامات اور کردارکشی کے ذریعے کسی کی زندگی کو مشکل بنانا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدارا بلوچیت، روایات اور قبائلی اقدار کو مدنظر رکھا جائے اور خواتین کو گھریلو معاملات اور باہمی تنازعات میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے۔ خواتین معاشرے کا قابل احترام حصہ ہیں، انہیں تنازعات میں ڈھال بنا کر کسی کے خلاف استعمال کرنا ہماری روایات اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ خواتین کا سہارا لینے کے بجائے مرد حضرات کو اپنے اختلافات اور مسائل باہمی گفت وشنید اور قانونی طریقے سے حل کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے اور اپنے بیٹوں کے خلاف لگائے گئے الزامات پر اپنا مؤقف عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں تاکہ یکطرفہ الزامات کی بنیاد پر کسی کی عزت و شہرت کو نقصان نہ پہنچے۔ میری متعلقہ حکام اور معززین سے بھی اپیل ہے کہ معاملے کو غیر جانبداری سے دیکھا جائے اور حقائق سامنے لائے جائیں تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ یعقوب کلوانی نے واضح کیا کہ وہ قانون پر یقین رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تمام معاملات قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل ہوں، کسی کو بھی ذاتی اختلافات کی بنیاد پر ان کے خاندان کو بدنام کرنے یا ذہنی اذیت پہنچانے کا حق نہیں دیا جانا چاہیے۔

22

یادگار ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آذربائیجان نے تقریباً تین دہائیوں بعد اپنی علاقائی سالمیت بحال کی، آذربائیجان کی کامیابی شہداء کی عظیم قربانیوں کا نتیجہ ہے، آذربائیجان کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت بھی آذربائیجان کے ساتھ کھڑا تھا اور ہمیشہ ساتھ کھڑا رہے گا، پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوستی اور برادرانہ تعلقات ناقابلِ شکست ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ گزشتہ سال باکو میں یوم فتح کی پریڈ میں صدر الہام علیوف کے ہمراہ شرکت کا اعزاز حاصل ہوا، باکو میں یوم فتح کی پریڈ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کی عکاس تھی۔ انہوں نے نیک خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آذربائیجان ترقی کی نئی منازل طے کرتا رہے، جنوبی قفقاز خطہ پائیدار امن اور مشترکہ خوشحالی کی جانب گامزن ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے صدر کے نام اپنے پیغام میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دیرینہ دوستی اور تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔

23

بدنام کرنے کی کوشش کی گئی ہے بے بنیاد الزامات عائد کرکے بدنام کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، میں قانون کا احترام کرنے والا شہری ہوں، بلوچ روایات کا تقاضا ہے کہ خواتین کو تنازعات میں نہ گھسیٹا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ یعقوب کلوانی نے کہا کہ میں ایک معزز شہری ہوں اور ہمیشہ قانون کا احترام کیا ہے۔ کسی بھی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ بغیر کسی ثبوت کے دوسرے شخص یا اس کے اہلخانہ پر الزامات عائد کرکے ان کی عزت اور وقار کو مجروح کرے۔ اگر کسی کو کوئی شکایت یا اختلاف ہے تو اس کے لیے قانونی راستے موجود ہیں، الزامات اور کردارکشی کے ذریعے کسی کی زندگی کو مشکل بنانا کسی صورت مناسب نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ خدارا بلوچیت، روایات اور قبائلی اقدار کو مدنظر رکھا جائے اور خواتین کو گھریلو معاملات اور باہمی تنازعات میں گھسیٹنے سے گریز کیا جائے۔ خواتین معاشرے کا قابل احترام حصہ ہیں، انہیں تنازعات میں ڈھال بنا کر کسی کے خلاف استعمال کرنا ہماری روایات اور معاشرتی اقدار کے منافی ہے۔ خواتین کا سہارا لینے کے بجائے مرد حضرات کو اپنے اختلافات اور مسائل باہمی گفت وشنید اور قانونی طریقے سے حل کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے اور اپنے بیٹوں کے خلاف لگائے گئے الزامات پر اپنا مؤقف عوام کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں تاکہ یکطرفہ الزامات کی بنیاد پر کسی کی عزت و شہرت کو نقصان نہ پہنچے۔ میری متعلقہ حکام اور معززین سے بھی اپیل ہے کہ معاملے کو غیر جانبداری سے دیکھا جائے اور حقائق سامنے لائے جائیں تاکہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ یعقوب کلوانی نے واضح کیا کہ وہ قانون پر یقین رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تمام معاملات قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل ہوں، کسی کو بھی ذاتی اختلافات کی بنیاد پر ان کے خاندان کو بدنام کرنے یا ذہنی اذیت پہنچانے کا حق نہیں دیا جانا چاہیے۔

24

9 بج کر 30 منٹ پر 15 سے 20 افراد پر مشتمل ایک مشتعل گروہ نے ہسپتال کے ڈیوٹی روم میں داخل ہوکر وہاں موجود ڈیوٹی پر مامور میڈیکل آفیسر کو تشدد کا نشانہ بنایا اور زبردستی باہر نکال دیا۔ ملزمان نے ہسپتال کے کوریڈور میں بھی ڈاکٹر کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا، یہاں تک کہ انہیں گھسیٹ کر مارا پیٹا گیا۔ یہ محض ایک ڈاکٹر پر حملہ نہیں بلکہ ہسپتال کے تقدس، طبی اداروں کے نظم و ضبط، قانون کی حکمرانی اور پورے شعبہ صحت پر کھلا حملہ ہے۔ یہ امر انتہائی قابل افسوس اور قابلِ مذمت ہے کہ دور دراز اور دشوار گزار علاقوں میں ڈاکٹرز عوام کو طبی سہولیات فراہم کرتے ہیں، لیکن بدلے میں انہیں تحفظ، عزت اور سہولیات دینے کے بجائے تشدد، دھمکیوں اور تذلیل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آخر ڈاکٹرز کو کس جرم کی سزا دی جا رہی ہے؟ کیا سرکاری ہسپتالوں میں ڈیوٹی دینا اب اپنی جان اور عزت داؤ پر لگانے کے مترادف ہو چکا ہے؟ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان واضح کرتی ہے کہ کسی بھی شخص، گروہ یا بااثر فرد کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ قانون کو اپنے ہاتھ میں لے، ہسپتالوں کو اپنی بدمعاشی کا اکھاڑہ بنائے اور ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز کو تشدد اور تذلیل کا نشانہ بنائے۔ مزید افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ایسے واقعات کے بعد ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کی خاموشی اور عدم مؤثر کارروائی ان جیسے عناصر کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتی ہے۔ انتظامیہ کی ذمہ داری محض واقعے کے بعد رسمی بیانات جاری کرنا نہیں بلکہ ڈاکٹرز اور طبی عملے کو عملی تحفظ فراہم کرنا اور قانون شکن عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ہے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان مطالبہ کرتی ہے کہ واقعے میں ملوث تمام نامزد ملزمان کو فوری گرفتار کرکے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اور واقعے کی شفاف تحقیقات یقینی بنائی جائیں۔ ہسپتالوں میں غنڈہ گردی، تشدد اور ہراسانی کے واقعات کی روک تھام کے لیے مستقل سیکیورٹی نظام واضع کیا جائے اور ذمہ داران کی غفلت کا بھی تعین کیا جائے۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان دوٹوک الفاظ میں واضح کرتی ہے کہ ڈاکٹرز کی عزت، جان اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام نے فوری طور پر ملزمان کی گرفتاری اور ڈاکٹرز کے تحفظ کو یقینی نہ بنایا تو ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان اس غیر انسانی واقعے کے خلاف صوبے بھر میں بھرپور احتجاجی تحریک شروع کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

25

شپ 2026ء میں گولڈ میڈل جیتنے پر پاکستان کی مینز سکواش ٹیم کو دلی مبارکباد دی ہے۔ اسلام آباد کے مصحف سکواش کمپلیکس میں منعقدہ چیمپئن شپ کے فائنل میں پاکستان نے ہفتے کی شب جنوبی کوریا کو 0-2 سے شکست دے کر ایشین چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا اور اس کھیل میں ملک کی شاندار روایات کو آگے بڑھایا۔ وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر اور سیکرٹری نے فائنل میں نور زمان اور محمد عاصم خان کی شاندار کارکردگی کو سراہا جنہوں نے اپنی عمدہ کھیل کی بدولت پاکستان کو اہم کامیابی دلائی۔ نور زمان نے جنوبی کوریا کے جیونگ من ریو کو 5-11، 7-11، 13-11 جبکہ محمد عاصم خان نے سیوجن اوہ کو 6-11، 5-11، 4-11 سے شکست دے کر پاکستان کی فتح یقینی بنائی

26

انتظامی صلاحیتوں کے باعث پورے سرکل کے افسران اور ملازمین میں کام کے حوالے سے نئی لگن، دلچسپی اور ذمہ داری کا احساس پیدا ہوا ہے۔ ان کی عاجزی اور اعلیٰ ظرفی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ایک اہم انتظامی منصب پر فائز ہونے کے باوجود وہ اپنے ماتحت عملے کے ساتھ نہایت دوستانہ، مشفقانہ اور برابری کی بنیاد پر پیش آتے ہیں، جبکہ ہر اجلاس کا آغاز بسم اللہ الرحمن الرحیم اور درود شریف سے کر کے مثبت اور خوشگوار ماحول قائم کرتے ہیں۔ مزید کہا کہ صادق علی خود فیلڈ میں جا کر بجلی کے نظام اور جاری کاموں کی نگرانی کرتے ہیں اور عملے کو فرائض کی بہتر ادائیگی، عوام کیساتھ خوش اخلاقی کی برتاؤ، محنت اور مستعدی کی تلقین کرتے ہیں، تاہم سرکاری امور میں غفلت اور لاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کرتے۔ ان کا یہ متوازن، باوقار اور اصول پسند طرز قیادت نہ صرف محکمانہ کارکردگی میں بہتری کا باعث ہے بلکہ دیگر افسران کے لیے بھی ایک قابلِ تقلید مثال ہے۔

27

انتشار پھیلانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی، کیونکہ ایسے عناصر تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ وادی لیپہ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ اگر ہم ریاست میں امن چاہتے ہیں تو انتشار پسند عناصر کو اپنی صفوں سے باہر نکالنا ہوگا۔ بدقسمتی سے انتشار پھیلانے والے عناصر ہماری صفوں میں شامل ہو چکے ہیں، جنہیں پہچاننے کی ضرورت ہے۔ ان کے بقول ایسے عناصر اپنے مقاصد اور مفادات کے لیے سرگرم ہیں اور اپنی دکانیں چمکانا چاہتے ہیں۔ افتخار گیلانی نے کہا کہ مطالبات اپنی جگہ اہم ہیں، تاہم ان کے لیے اختیار کیا جانے والا طریقہ کار قابل غور ہے۔ ایسی گفتگو اور طرز عمل سے گریز کرنا چاہیے جس سے انتشار کو ہوا ملے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ وزیراعظم نے ایل اوسی پر دفاع وطن کے لیے موجود افواج پاکستان کے جوانوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ لائن آف کنٹرول پر رہنے والے عوام نے جس عزم اور حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابل تحسین ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ وادی لیپہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے اور لوگ اس کی خوبصورتی دیکھنا چاہتے ہیں۔ حکومت علاقے میں سیاحت کے فروغ کے لیے کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کرکے جامع منصوبہ بندی کرے گی

28

کو مزید مضبوط بناتے ہیں۔ وزارت پارلیمانی امور سے جاری پیغام میں طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا ہے اور یہاں تمام شہریوں کو اپنے مذہبی عقائد اور تہوار منانے کی مکمل آزادی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان باہمی احترام، اتحاد اور پُرامن پاکستان کی بنیاد ہے

29

غور و خوض کے مرحلے میں ہے اور اس کی حدود، انتظامی ڈھانچے یا آئینی طریقہ کار کے حوالے سے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ اس تجویز کا ایک اور اہم اور نمایاں پہلو ممکنہ 28 ویں آئینی ترمیم سے قبل ملک گیر ریفرنڈم کرانا ہے، اس کا بنیادی مقصد اضافی صوبے بنانے کے وسیع تر سوال پر براہ راست عوامی رائے حاصل کرنا ہے تاکہ انتظامی تنظیم نو کے لیے عوامی حمایت حاصل کی جا سکے اور اس حساس معاملے کو محض سیاسی مذاکرات، رسہ کشی اور جماعتی مفادات تک محدود رہنے سے بچایا جا سکے، اس تجویز کے حامیوں کا خیال ہے کہ اس سے سیاسی محاذ آرائی کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔ رپورٹ سے مزید یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ترقیاتی امور پر نظر رکھنے والے ذرائع کے مطابق اس تجویز پر ابتدائی غور و خوض جاری ہے اور آئندہ سال یعنی 2027 کے پہلے نصف حصے کے دوران مجوزہ آئینی ترمیم کی جانب عملی پیش رفت کا تصور پیش کیا گیا ہے، اس سلسلے میں ابتدائی قانونی اور انتظامی اقدامات سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران متوقع ہیں، تاکہ معاملے کو آگے بڑھایا جا سکے۔ بتایا جا رہا ہے کہ اس تجویز کے پس منظر میں موجود سوچ کے مطابق اس اقدام کا مقصد کسی مخصوص صوبے کو نشانہ بنانا یا کسی موجودہ صوبائی اکائی کی سیاسی و انتظامی حیثیت کو کمزور کرنا ہرگز نہیں ہے، اس کے بجائے اس کی بنیادی دلیل یہ ہے کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی، پیچیدہ انتظامی مسائل اور غیر مساوی ترقی کے تقاضے اب ایک نئے طرز حکمرانی کے متقاضی ہیں۔ تجویز کے حامیوں کا ماننا ہے کہ اس سے حکومت عام شہریوں کے زیادہ قریب آئے گی اور عوامی خدمات تک رسائی بہتر ہوگی، چھوٹی انتظامی اکائیاں حکومتوں کے لیے مقامی ترجیحات کی بہتر نشاندہی، سرکاری کارکردگی کی مؤثر نگرانی اور شہریوں کے روزمرہ مسائل کا فوری جواب دینے میں مددگار ثابت ہوں گی، اس سے پسماندہ علاقوں تک ترقی کے ثمرات پہنچائے جاسکیں گے۔

30

کا تعاقب شروع کر دیا۔ تعاقب کے دوران تنگ کے علاقے میں پولیس اور ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس کی مؤثر کارروائی پر ملزمان چھینی گئی موٹر سائیکل موقع پر چھوڑ کر تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے۔ پولیس نے موٹر سائیکل تحویل میں لے کر فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

31

کے کاموں، عوام کے لیے فراہم کردہ سہولیات اور تاریخی ورثے کے تحفظ کے اقدامات میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پی ڈبلیو سی اے کے مقبول سیاحتی پروگرام ہسٹری بائی نائٹ میں بھی شرکت کی اور شاہی قلعہ لاہور کی تاریخی و ثقافتی اہمیت سے آگاہی حاصل کی۔ انہوں نے ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے تاریخی سیاحت کے فروغ اور عوام کو لاہور کی شاندار تاریخ سے منفرد اور دلچسپ انداز میں روشناس کرانے کے لیے پی ڈبلیو سی اے کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر ڈی جی پی ڈبلیو سی اے نے کہا کہ اتھارٹی تاریخی مقامات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ انہیں عوام کے لیے مزید قابلِ رسائی اور دلچسپ بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسٹری بائی نائٹ جیسے پروگراموں کا مقصد تاریخی ورثے کو محض محفوظ کرنا ہی نہیں بلکہ عوام کو اس کی تاریخ، ثقافت اور تہذیب سے جوڑنا بھی ہے۔ ایسے اقدامات کے ذریعے سیاحت کو فروغ دینے اور نئی نسل میں اپنے تاریخی ورثے سے آگاہی و دلچسپی پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے

32

میں سے کچھ رقم جاری کرنے پر غور کرسکتا ہے برطانوی اخبار دی گارڈین کی رپورٹ کے مطابق قطر جو امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کا اہم کردار ادا کر رہا ہے تہران کو جوہری معائنوں کی بحالی پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے مجوزہ منصوبے میں ایران کے ان جوہری مراکز کا معائنہ بھی شامل ہے جہاں مبینہ طور پر انتہائی افزودہ یورینیم کا ذخیرہ موجود ہے تجویز کے تحت ایران کو اپنے انتہائی افزودہ یورینیم کے ذخیرے کو ملک سے باہر منتقل کرنے کی فوری ضمانت نہیں دینا ہوگی اس کے بجائے یورینیم کی افزودگی کی سطح کم کرنے سمیت دیگر امکانات پر بھی غور کیا جاسکتا ہے، رپورٹ کے مطابق قطری منصوبے کے تحت امریکہ فوری طور پر ایران کے خلاف اپنی بحری ناکہ بندی ختم کرے گا اور ایرانی منجمد اثاثوں میں سے تقریباً 8 ارب ڈالر میں سے کچھ رقم جاری کرے گا اس کے بدلے ایران بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی) آئی اے ای اے (کے معائنہ کاروں کو بمباری سے متاثرہ جوہری تنصیبات کے دورے کی اجازت دے گا مجوزہ انتظام کے تحت ایران معاہدے پر عمل درآمد کے دوسرے روز آبنائے ہرمز کو بحری آمد و رفت کے لیے کھول دے گا اس مقصد کے لیے ایران اور عمان کے درمیان پہلے سے زیر غور بحری راستہ استعمال کیا جائے گا، جسے عالمی بحری تنظیم) آئی ایم او (میں مشترکہ طور پر رجسٹر کرانے کی تجویز ہے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی نے اس منصوبے کے حوالے سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ٹیلی فون پر گفتگو بھی کی ہے قطری امیر کے دفتر کی جانب سے جاری بیان میں گفتگو کی تفصیلات ظاہر نہیں کی گئیں، تاہم اس بات پر زور دیا گیا کہ تنازعات کے حل اور خطے میں مزید کشیدگی روکنے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے ایران نے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کے لیے دیگر شرائط بھی پیش کی ہیں، جن میں لبنان میں جنگ کا خاتمہ، ایرانی ساحلی علاقوں سے امریکی فوجی دستوں کا انخلا، بعض اقتصادی پابندیوں میں نرمی اور جنگی نقصانات کا ازالہ شامل ہیں رپورٹ کے مطابق مذاکرات میں سب سے بڑا اختلاف اس بات پر ہے کہ ان شرائط پر عمل درآمد کس ترتیب سے ہوگا اور امریکہ و ایران میں سے پہلے کون سا فریق اقدامات کرے گا مجوزہ مفاہمتی یادداشت میں ایران کی تعمیر نو اور اقتصادی بحالی کے لیے 300 ارب ڈالر کا فنڈ قائم کرنے کا تصور بھی شامل رہا ہے، تاہم اس رقم کے حصول اور مالی معاونت کے طریقہ کار کی تفصیلات واضح نہیں ہوسکیں ایران نے ماضی میں بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے سربراہ رافیل گروسی پر تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا تھا کہ انہوں نے ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی حملوں کے معاملے میں مناسب موقف اختیار نہیں کیا تہران کو خدشہ ہے کہ جوہری معائنہ کاروں کے ذریعے جمع کی جانے والی معلومات امریکہ اور اسرائیل کو فوجی اہداف کی نشاندہی کے لیے فراہم کی جاسکتی ہیں اسی وجہ سے ایران جوہری معائنوں کی بحالی کے معاملے پر محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہے اس منصوبے میں عمان بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے ایران کے ساتھ آبنائے ہرمز کے مستقبل کے انتظام، بحری راستے اور عالمی بحری تنظیم میں مجوزہ انتظام کی رجسٹریشن کے حوالے سے رابطے کیے ہیں عمان کی ایک طویل المدتی تجویز یہ بھی ہے کہ بحری جہازوں سے گزرنے کے لیے ٹول ٹیکس وصول کرنے کے بجائے صرف فراہم کردہ بحری خدمات کے اخراجات لیے جائیں۔ ایرانی پارلیمان کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیٹی کے نائب سربراہ امیر حیات مقدم کے مطابق ایران نے چین، بھارت، قطر اور عراق کے جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دی ہے ان کے مطابق بعض جہازوں سے ٹرانزٹ فیس بھی وصول کی گئی جبکہ قطری جہازوں کو بلا معاوضہ گزرنے کی اجازت دی گئی انہوں نے اس انتظام کو متعلقہ ممالک کے باہمی مفادات سے جوڑا رپورٹ کے مطابق اکتوبر میں آبنائے ہرمز سے گزرنے والے خلیجی خام تیل کا تقریباً 42 فیصد چین اور 13 فیصد بھارت پہنچا قطر کی نئی تجویز ایسے وقت سامنے آئی ہے جب امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی کی کوششیں تیز ہوگئی ہیں اس سے قبل 5 نومبر کو ایک سینئر ایرانی عہدیدار نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا تھا کہ ایران نے قطر کے ذریعے امریکہ کو ایک جوہری تجویز بھیجی ہے، تاہم تہران اس پر باضابطہ مذاکرات اپنی سات شرائط پوری ہونے کے بعد ہی کرے گا ایران کی شرائط میں امریکی پابندیوں کا خاتمہ، منجمد اثاثوں کی واپسی اور جنگی نقصانات کا ازالہ شامل ہیں جبکہ واشنگٹن کا اصرار ہے کہ ابتدائی مذاکرات میں ایران کے جوہری پروگرام کو بھی شامل کیا جائے . قطر کی کوششیں اگر کامیاب ہوجاتی ہیں تو آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کی بحالی عالمی توانائی منڈیوں کے لیے اہم پیش رفت ہوسکتی ہے تاہم فی الحال یہ ایک سفارتی تجویز ہے، فریقین کے درمیان طے پانے والا حتمی معاہدہ نہیں۔

33

انعلق جاگیردارانہ نظام سے نہیں، ہم موروثی سیاست کی پیداوار نہیں ہیں اور نہ ہی ہمارا کام کاروبار کرنا ہے بلکہ ہمارا کام سیاست کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سیاست کو تجارت نہیں بلکہ خدمت سمجھ کر کرتے ہیں، پاکستان میں حکمران ایک مخصوص طبقے کا نام ہے اور ہمارا اس طبقے سے کوئی تعلق نہیں، ہمارا مقابلہ ایسی سوچ سے ہے جو تعلیم کی مخالف ہے۔ رہنما ایم کیو ایم نے مزید کہا کہ بجلی غریبوں کے گھروں سے نکل کر امیروں کے گھروں میں جاتی ہے، جبکہ کے الیکٹرک کی بجلی غریبوں کے گھروں تک نہیں پہنچ پاتی۔

34

لی اور موقع سے فرار ہوگئے۔ واضح رہے کہ واپڈا اہلکار سید برکت علی شاہ کے ساتھ ایک ماہ کے قلیل عرصے میں یہ لوٹ مار کی دوسری واردات پیش آئی ہے۔ دالبندین اور مضافاتی علاقوں میں اسٹریٹ کرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ متاثرہ اہلکار اور عوامی حلقوں نے متعلقہ انتظامیہ و پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے مسروقہ سامان برآمد کیا جائے اور عوام و سرکاری ملازمین کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

35

اور لاچاروں چوں خواتین کو جوتے فراہم کیے گئے، جو ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر عبدالغفار بلوچ اور سرجن ڈاکٹر سالم کے حوالے کیے گئے۔ اس موقع پر دو ہزار سے زائد لاار غریب مستحق بچوں اور خواتین میں بہننے کے لیے جوتے بھی تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں نیشنل پارٹی کے ضلعی سوشل میڈیا سیکرٹری مجیب کریم بلوچ، تحصیل ڈپٹی سیکرٹری زاہد آمین بلوچ، تحصیل خازن نواز بلوچ، پیرامیڈیکل اسٹاف کے جاوید کچکول بلوچ اور جنرل سیکرٹری سیدی کریم بلوچ، ثنا پزیر بلوچ اور دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر شرکا نے میر رحمت صالح بلوچ کی جانب سے ادویات اور جوتوں کی فراہمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رہیں گے۔

36

گے۔ اپنے تہنیتی بیان میں حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ سید علی گیلانی کو پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست، تاریخ، روایات اور نظریے سے گہری وابستگی حاصل ہے۔ وہ ایک ایسے سیاسی خانوادے سے تعلق رکھتے ہیں جس کی ملکی سیاست اور جمہوری جدوجہد میں نمایاں خدمات ہیں۔ سابق وزیراعظم کے صاحبزادے ہونے کے ناطے انہیں پارٹی کے سیاسی معاملات اور پارلیمانی امور کا وسیع تجربہ حاصل ہے، جو پارلیمانی اسٹریٹجک کمیٹی کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی اسٹریٹجک کمیٹی پارٹی کی پارلیمانی حکمت عملی مرتب کرنے اور اہم سیاسی و قومی معاملات میں رہنمائی فراہم کرنے کے حوالے سے اہم ذمہ داریاں رکھتی ہے۔ انہیں یقین ہے کہ سید علی گیلانی اپنی سیاسی بصیرت، تجربے اور صلاحیتوں کی بنیاد پر پارٹی قیادت کو قیمتی تجاویز اور مشورے فراہم کریں گے اور اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں انجام دیں گے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے آخر میں سید علی گیلانی کو نئی ذمہ داری ملنے پر ایک مرتبہ پھر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی کامیابی، سربلندی اور پارٹی کے لیے مزید مؤثر خدمات انجام دینے کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

37

خلاف زبان درازی اور منفی پروپیگنڈا محض اپنے آقاؤں کو خوش کرنے اور اپنی ناکام حکومت کو دوام دینے کے لیے کر رہے ہیں، انہیں بخوبی احساس ہے کہ عوام میں ان کی سیاسی حیثیت اور اہمیت ختم ہو چکی ہے اور ان کے تمام بلند بانگ دعوے جھوٹے ثابت ہوئے ہیں، بلوچستان کی موجودہ بدترین صورتحال، عوامی محرومیوں، سیاسی انتشار اور بلوچ نسل کشی جیسے سنگین حالات کے اصل ذمہ دار فارم 47 کے حکمران ہیں جن کی نااہل اور غلط پالیسیوں نے بلوچستان کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے حکومتی حواری سردار اختر جان مینگل کے خلاف من گھڑت الزامات اور منفی پروپیگنڈے پر اتر آئے ہیں جو ان کی سیاسی بوکھلاہٹ، فرسٹریشن اور منافقانہ طرز سیاست کا واضح اظہار ہے، انہیں خدشہ ہے کہ بلوچستان میں ان کا جھوٹا بیانیہ بے نقاب ہوا تو ان کی سیاسی دکانداری ختم ہو جائے گی، سردار اختر جان مینگل نے 2024ء کے انتخابات میں قومی اسمبلی کی تین اور صوبائی اسمبلی کی ایک نشست پر کامیابی حاصل کی جبکہ ان کے مخالفین اپنی یونین کونسل کی نشست بھی جیتنے کی سیاسی حیثیت نہیں رکھتے، آج عوام باشعور ہیں اور یہ سوشل میڈیا کا دور ہے جہاں عوام ہر بیان، ہر دعوے اور ہر سیاسی کردار کا بخوبی جائزہ لے رہے ہیں، جھوٹے، من گھڑت اور گھٹیا بیانیے، کردار کشی اور منفی پروپیگنڈے سے نہ سردار اختر جان مینگل کی عوامی مقبولیت اور پذیرائی میں کمی لائی جاسکتی ہے اور نہ بلوچستان نیشنل پارٹی کی قومی و سیاسی جدوجہد کو کمزور کیا جاسکتا ہے، حکمران دوسروں پر الزام تراشی کے بجائے اپنی ناکامی، نااہلی اور غلط پالیسیوں کا اعتراف کریں اور بلوچستان کے عوام کو جواب دیں۔

38

کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبے میں تیزی سے وسعت اختیار کرنے والی ایک مؤثر صحافتی تنظیم ہے، جس نے بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کو ایک مضبوط پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے مرکزی صدر قیوم بلوچ کی مدبرانہ قیادت پر فخر ہے۔ ان کی بہترین رہنمائی، مثبت سوچ اور صحافیوں کو متحد رکھنے کے لیے مخلصانہ کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ ان کی قیادت میں بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے مسائل اجاگر کرنے، ان کے حقوق کے تحفظ اور صحافتی برادری کے اتحاد و یکجہتی کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ میجر جمالی نے کہا کہ بلوچستان بھر کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، کیونکہ مضبوط صحافتی اتحاد ہی صحافیوں کے وقار، آزادی صحافت اور بنیادی حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میڈیا فورم کو مزید فعال، مضبوط اور منظم بنانے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور صوبے بھر کے صحافیوں کے جائز حقوق کے حصول کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

39

کرنا پڑ رہا ہے۔ سڑک کی عدم تعمیر سے آمدورفت متاثر ہے جبکہ گردونواح کی آبادی کے لوگوں کو بھی روزمرہ نقل و حرکت میں دشواری پیش آرہی ہے۔ علاقے کے عوام نے متعلقہ حکام اور محکمہ تعمیرات سے مطالبہ کیا ہے کہ اسد مارکیٹ تا سی پیک روڈ منصوبے پر فوری کام شروع کیا جائے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

40

، جبکہ دوسرے زخمی کا تعلق ڈیرہ مراد جمالی سے بتایا جاتا ہے۔ مزید کا تحقیقات پولیس کر رہی ہے۔

41

منتخب ہوئے لیکن کوئٹہ شہر کے عوام تمام سہولیات سے محروم ہیں عوام کی تعمیر و ترقی کیلئے ہر سال بجٹ میں آنے والے اربوں روپے کے فنڈز خورد برد اور کرپشن کی نظر ہو جاتے ہیں اور ترقی صرف کاغذوں کی حد تک نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کے عوام بجلی، گیس، پینے کے صاف پانی، تعلیم، ہسپتالوں میں ادویات سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں لیکن صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے لوٹ مار اور کرپشن میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبائی وزراء، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی نے اپنا رویہ تبدیل نہیں کیا تو عوام ان کا محاسبہ کرنے پر مجبور ہونگے اور پھر انہیں عوام کے غیض و غضب سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا۔ لالہ یوسف خلجی نے نیب اور محکمہ اینٹی کرپشن کے حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان اور خاص کر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ارکان قومی اور صوبائی اسمبلی کے گزشتہ تین سال کے دوران ملنے والے فنڈز کی تحقیقات کرائی جائیں اور کرپشن و بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

42

کی شناخت عبدالرشید ولد وزیر احمد، قوم خدرانی، سکنہ سموّان خضدار کے نام سے ہوئی ہے۔ ان کی عمر تقریباً تیس سے پینتیس سال بتائی گئی ہے۔

43

میں جکڑے مسلمانوں کے دلوں میں خوداعتمادی، ایمان اور عمل کی حرارت پیدا کی ان کا پیغام آج بھی ہمارے لیے قومی بیداری اور عملی جدوجہد کا سرچشمہ ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کے یوم پیدائش پر جاری ہونے والے اپنے ایک پیغام میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ اقبال کی شاعری میں قرآنی تعلیمات، عشق رسولؐ، خودی کا فلسفہ، اور عمل کی دعوت پوری شدت کے ساتھ موجود ہے ان کے افکار ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ قومیں خوابوں سے نہیں بلکہ عزم، علم اور کردار سے بنتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کا پیغام محض کسی خاص دور کے لیے نہیں بلکہ ہر زمانے اور ہر نسل کے لیے ایک زندہ فلسفہ ہے جو ہمیں یہ باور کراتا ہے کہ اگر ہم اپنی صلاحیتوں پر یقین رکھیں اور عمل کے میدان میں ڈٹ جائیں تو کوئی قوت ہمیں ترقی سے نہیں روک سکتی۔ انہوں نے کہا کہ آج کے نوجوانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کریں کیونکہ اقبال نے نوجوان کو قوم کا معمار قرار دیا انہوں نے نوجوانوں کو بلند حوصلے، علم کی جستجو اور قومی خدمت کا درس دیا، جو موجودہ دور میں پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اقبال کے پیغام کو صرف تقریروں اور کتابوں تک محدود رکھنے کے بجائے عملی زندگی میں نافذ کرنے کی ضرورت ہے یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر ہم ایک مضبوط، خوددار اور روشن پاکستان تشکیل دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ہنر کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں جن کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

44

اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا ہے۔اپنے خصوصی پیغام میں سینیٹر ثنا جمالی نے کہا کہ دیوالی خوشیوں، محبت، امن، بھائی چارے اور روشنی کا خوبصورت پیغام ہے۔ یہ تہوار ہمیں باہمی احترام، رواداری اور ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہونے کا درس دیتا ہیانہوں نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے، جہاں مختلف مذاہب اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے افراد آباد ہیں۔ ہندو برادری سمیت تمام اقلیتیں ہمارے معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور ملک کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ سینیٹر ثنا جمالی نے مزید کہا کہ تمام مذاہب کا احترام، مذہبی آزادی، باہمی رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کا فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کے مذہبی عقائد اور روایات کا احترام کرتے ہوئے امن، محبت اور بھائی چارے کو فروغ دینا چاہیے۔

45

مذاہب، ثقافتوں اور تہذیبوں کا حسین امتزاج ہے جہاں مذہبی رواداری اور باہمی احترام قومی شناخت کا اہم حصہ ہے۔ دیوالی کے موقع پر سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے ہندو برادری کے نام پیغام میں ہندو اراکینِ پارلیمنٹ اور ملک بھر میں آباد ہندو برادری کو دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ آئینِ پاکستان تمام شہریوں کو بلاامتیاز مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل ضمانت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی عبادات، مذہبی رسومات اور روایات پر عمل کرنے کی آزادی حاصل ہے، اقلیتوں کو قومی زندگی کے تمام شعبوں میں مساوی مواقع اور نمائندگی فراہم کی گئی ہے، مذہبی ہم آہنگی اور رواداری ہماری قومی اقدار کا بنیادی حصہ ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہندو اراکینِ پارلیمنٹ کی پارلیمانی اور قانون سازی کے عمل میں فعال شرکت جمہوری اداروں کے استحکام میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندو برادری نے تعلیم، صحت، تجارت، معیشت اور سماجی خدمات سمیت مختلف شعبوں میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے تمام شہریوں کا باہمی تعاون، یکجہتی اور قومی ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ اپنے پیغام کے آخر میں انہوں نے دعا کی کہ دیوالی کا تہوار ہندو برادری کے لیے خوشیوں، امن اور خوشحالی کا پیغام لائے اور ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی، محبت اور بھائی چارے کو فروغ ملے۔

46

آگ بھڑک اٹھی جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

47

کی پسماندگی کی بڑی وجوہات میں تعلیم سے دوری اور تعلیمی شعور کا فقدان شامل ہیں، صوبے کی روشن مستقبل اور پائیدار ترقی کیلئے ضروری ہے

تحصیل میرحسن کھوسہ میں شالی کے ذخائر میں شدید آتشزدگی، ہزاروں من فصل جل کر خاکستر

تحصیل کا درجہ ملنے کے باوجود فائر بریگیڈ کی عدم دستیابی پر تشویش، میر ارشد حسین کھوسہ کا کسانوں کو معاوضہ دینے کا مطالبہ

چھتر (جی این ایم) تحصیل میرحسن کھوسہ میں شالی کے ذخائر میں اچانک آتشزدگی، ہزاروں من شالی جل کر خاکستر میر ارشد حسین خان کھوسہ کا گہرے دکھ و افسوس کا اظہار، متاثرہ کسانوں کے نقصانات کا شفاف تخمینہ لگانے اور فوری مالی معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ تفصیلات (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بھاگناڑی میں دو قبائل کے مابین پرانی رنجش پر فائرنگ، 3 افراد جاں بحق، 3 شدید زخمی

گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں پہوڑ اور حاجیجہ مغیری برادری کے درمیان تصادم، پولیس تفتیش جاری

بھاگ (جی این ایم) بھاگناڑی کے علاقے گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں دو مختلف قبائل کے درمیان پرانی رنجش کی بنا پر خونریز تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 3 افراد شدید زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گوٹھ آدمیانی پہوڑ میں پہوڑ اور حاجیجہ مغیری برادری کے مابین دیرینہ تنازعے پر اچانک فائرنگ کا تبادلہ شروع ہو گیا۔ فائرنگ کے نتیجے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)



سیکرٹری ثانوی تعلیم اکمل جان جعفر پاکستان چلڈرن اکیڈمی ٹرسٹ کوئٹہ کے زیراہتمام منعقدہ انٹراسکول بیڈمنٹن چیمپئن شپ، اسپیلنگ بی مقابلے اور سائنس اولیمپیاڈ کے فائنلسٹس سے خطاب کر رہے ہیں

تعلیم کے بغیر ترقی وخوشحالی ناممکن ہے، صالح محمد کاکڑ

گورنمنٹ کلی رحم الدین کے اساتذہ پر فخر ہے، جنہوں نے ادارے کو اعلیٰ مقام دلانے میں اہم کردار ادا کیا

کوئٹہ (جی این ایم) گورنمنٹ کلی رحم الدین کوئٹہ کے ہیڈ ماسٹر حاجی صالح محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر ترقی، خوشحالی اور معاشرتی بہتری کا تصور بھی ممکن نہیں، بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

نوکنڈی میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لیے سنگین خطرہ بن گئی، متعلقہ حکام خاموش تماشائی

اس کے ساتھ ساتھ اسکولوں، بازاروں، گنجان آباد علاقوں اور رہائشی محلوں میں خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ بچوں، خواتین، بزرگوں اور دیگر شہریوں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے

نوکنڈی (جی این ایم) شہر میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ صورتحال اس قدر تشویش ناک ہو چکی ہے۔ کہ دن ہو یا رات، خواتین، بچوں، بزرگوں اور عام شہریوں کا گھروں سے باہر نکلنا خطرے سے خالی نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

صحبت پور، جاری ترقیاتی کاموں میں غیر معیاری میٹریل استعمال ہو رہا ہے، رستم خان کھوسہ

ان کے ثمرات عوام تک پہنچانے اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کریں

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی صحبت پور کے صدر رستم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ علاقے میں جاری ترقیاتی کاموں میں غیر معیاری میٹریل استعمال ہو رہا ہے جس سے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے کرپشن کی نذر ہونے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک فلسفی، مفکر اور روحانی رہنما تھے، چوہدری نعیم کریم

میاں محمد شہباز شریف اور پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود نوجوانوں کو مختلف ہنر سکھانے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ اقبال کی فکر نے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، بیداری شعور اور آزادی کا عزم پیدا کیا جو بالآخر قیام پاکستان کی صورت میں تعبیر ہوا، علامہ اقبال محض ایک شاعر نہیں بلکہ ایک فلسفی، مفکر اور روحانی رہنما تھے جنہوں نے غلامی کی زنجیروں (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی عوام کی خدمت کی بجائے لوٹ مار اور عیاشیوں میں مصروف ہیں، لالہ یوسف خلجی

کرپشن و بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ صوبائی وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی عوام کی خدمت کی بجائے لوٹ مار اور عیاشیوں میں مصروف ہیں بلوچستان کا دارالحکومت کوئٹہ کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے اور عوام گیس، بجلی، پینے کے صاف پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ کوئٹہ شہر سے نصف درجن کے قریب ارکان صوبائی اسمبلی اور دو ایم این اے (باقی صفحہ 3 نمبر 41)



کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے آل پاکستان مائنز اینڈ منرل کے ایگزیکٹیو ممبر و صدر چاغی مائنز میر مدد خان سنجرانی تقریب کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

بلوچستان میڈیا فورم کو صحافیوں کے اتحاد واتفاق کا اعزاز حاصل ہے، میجر جمالی

مرکزی صدر قیوم بلوچ کی مدبرانہ قیادت پر فخر ہے، صدر بی ایم ایف اوستہ محمد

گنداخہ (جی این ایم) بلوچستان میڈیا فورم اوستہ محمد کے صدر اور گنداخہ پریس کلب کے صدر ساجد علی میجر جمالی نے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم، جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند سمیت تمام ساتھیوں کو صوبے بھر کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے اور صحافتی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اور کہا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

سید علی گیلانی پیپلز پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں، حیات اللہ خان کاکڑ

سید علی گیلانی نئی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھاتے ہوئے پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے میں کردار ادا کریں گے

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سید علی گیلانی کو پارٹی کی پارلیمانی اسٹریٹیجک کمیٹی کا رکن مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی سیاسی بصیرت، تجربے اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پارٹی کے لیے ایک مؤثر اور مثبت کردار ادا کریں (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

نیشنل پارٹی کے رہنما میر رحمت صالح بلوچ کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور کو ادویات اور 2 ہزار جوتوں کا عطیہ

مستحق خواتین اور بچوں میں جوتے تقسیم، ایم ایس ڈاکٹر عبدالغفار اور سرجن ڈاکٹر سالم نے ادویات وصول کیں

پنجگور (جی این ایم) پنجگور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال کو ادویات اور دو ہزار سے زائد بچوں اور خواتین میں جوتے تقسیم نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی جانب سے تحصیل صدر تاج بلوچ ٹیچنگ ہسپتال پنجگور کے لیے ادویات اور مستحق (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

دالبندین میں کیسکو اہلکار میٹر سپر وائزر سید برکت علی شاہ سے 2 موبائل فون اور نقدی چھین لی گئی

ایک ماہ کے دوران دوسری ڈکیتی، شہر میں اسٹریٹ کرائم میں اضافے پر شہریوں اور ملازمین میں تشویش

دالبندین (جی این ایم) دالبندین کے علاقے کلی داد آباد میں کیسکو کے میٹر سپر وائزر سید برکت علی شاہ کو نامعلوم مسلح چوروں نے میٹر ریڈنگ کے دوران لوٹ لیا۔ تفصیلات کے مطابق کیسکو اہلکار سید برکت علی شاہ کلی داد آباد میں اپنے سرکاری فرائض یعنی میٹر ریڈنگ کی انجام دہی میں مصروف تھے کہ نامعلوم چوروں نے ان سے دو عدد موبائل فون اور 15 ہزار روپے نقدی چھین (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی سے سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ کے علاقے مری آباد میں گھر میں آگ بھڑک اٹھی میٹرو پولیٹن کارپوریشن، فائر بریگیڈ کے عملے نے آگ پر قابو پالیا

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے مری آباد میں گھر میں آگ بھڑک اٹھی میٹروپولیٹن کارپوریشن، فائر بریگیڈ کے عملے نے آگ پر قابو پالیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مری آباد میں گریڈ اسٹیشن کے قریب ایک گھر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس کی اطلاع پر میٹروپولیٹن فائر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

نوشکی میں مختلف حادثات وواقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 ساتھی زخمی ہوگئے

نوشکی (جی این ایم) نوشکی میں مختلف حادثات و واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 ساتھی زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے مشکوک افراد پر فائرنگ، تاہم نقصان کی اطلاع نہیں ملی تفصیلات کے مطابق نوشکی میں آر سی ڈی شاہراہ چھٹرائی کے مقام پر کار موٹر حادثے کا شکار رہی جس میں بی این پی کلی غریب آباد کے رہنماء ٹھیکیدار میر جعفر خان مینگل جان بحق (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



انقرہ: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن ترکیہ کی نیوز ایجنسی کو انٹرویو دے رہے ہیں

ایران کو روس سے جدید ایس 400 ایئر ڈیفنس سسٹم ملنے کا امکان، معاہدہ طے پا گیا

محسن رضائی کے دورہ ماسکو سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے پر بھی سوالات اٹھ گئے ہیں کہ روس ایران کی مدد نہیں کر رہا

لندن (جی این ایم) برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کو جلد ہی روس سے جدید ایئر ڈیفنس سسٹم ایس 400 ملنے والا ہے، دونوں ممالک کے درمیان اس دفاعی نظام کی خریداری کا معاہدہ طے پا چکا ہے۔ اخبار کے مطابق روسی صدر مسعود پزشکیان اور (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

لورالائی کے علاقے میں 3 گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے

کوئٹہ (جی این ایم) لورالائی کے علاقے میں 3 گاڑیوں میں تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز لورالائی کے علاقے کلی درگئی زخیل پہاڑ کے قریب پیٹرول سے لوڈ 2 پروبکس اور ایک کار میں تصادم کے نتیجے میں گاڑیوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوئٹہ کے علاقے کینٹ میں دو پیٹرول پمپس کے قریب ایک نجی گودام نما مکان میں آگ بھڑک اٹھی

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے کینٹ میں دو پیٹرول پمپس کے قریب ایک نجی گودام نما مکان میں آگ بھڑک اٹھی جس کی اطلاع پر میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ کے عملے نے بروقت موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔ فائر بریگیڈ کی بروقت کارروائی کے باعث آگ کو مزید پھیلنے سے روک دیا گیا اور قریبی دونوں پیٹرول پمپس، آبادی اور گرد و نواح کے علاقے کو بڑے نقصان سے بچا لیا گیا۔

سینیٹر ثنا جمالی کی ملک بھر کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد

دیوالی روشنی، امن اور بھائی چارے کا پیغام دیتی ہے، تمام اقلیتیں وطن کا اہم حصہ ہیں، ثنا جمالی

اوستہ محمد (جی این ایم) سینیٹر ثنا جمالی نے پاکستان، بلوچستان بھر میں دیوالی منانے والی ہندو برادری کو دیوالی کے پرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنی نیک تمنائیں (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے، چیئرمین سینیٹ

جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ دیوالی روشنی، امید، خوشی اور نیکی کی علامت ہے جو محبت اور امن کا پیغام دیتی ہے، پاکستان مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ: مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال خان کاکڑ، احسان اللہ اور دیگر افراد ایک شمولیتی تقریب کے دوران یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف منگل سے ترکیہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے

وزیراعظم کوپ 21 ورلڈ لیڈرز سمٹ میں شرکت کریں گے، ترک صدر سمیت عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف منگل سے ترکیہ کا تین روزہ سرکاری دورہ کریں گے، جہاں وہ کوپ 21 ورلڈ لیڈرز سمٹ میں شرکت کے علاوہ ترک صدر اور دیگر عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کے دورہ؟ ترکیہ کے دوران ترک صدر سے ہونے والی ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے دوطرفہ تعلقات، مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

علامہ اقبال کا فلسفہ نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں، فیصل جمالی

علامہ اقبال کے افکار اور تعلیمات نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک فیصل جمالی

نئی نسل کو اقبال کے پیغامِ خودی اور اتحاد سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے، یومِ اقبال پر خصوصی پیغام

گنداخہ (جی این ایم) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے 9 نومبر یوم اقبال کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال برصغیر کے عظیم مفکر، فلسفی اور بلند پایہ شاعر تھے، جنہوں نے اپنی فکر انگیز شاعری کے ذریعے مسلمانوں میں بیداری، خودی، خودداری، اتحاد اور آزادی کا جذبہ پیدا کیا۔ علامہ اقبال کا فلسفہ اور ان کی تعلیمات آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے نوجوانوں کو شاہین کی بلند پروازی، خوداعتمادی، بلند حوصلے، مسلسل جدوجہد (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ و دیگر مقررین ہنہ اوڑک میں گرینڈ شمولیتی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی سندھ سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو دیوالی پر مبارکباد

اسلام آباد (جی این ایم) سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے سندھ سمیت دنیا بھر کی ہندو برادری کو دیوالی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی روشنی، خوشی، امن، محبت اور امید کا تہوار ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) میڈیا سیل سے جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

خضدار، زیرو پوائنٹ کے قریب المناک ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار جاں بحق

خضدار (جی این ایم) زیرو پوائنٹ کے قریب المناک ٹریفک حادثہ، موٹر سائیکل سوار جاں بحق. تفصیلات کے مطابق خضدار کے علاقے زیرو پوائنٹ کے قریب تیز رفتار گاڑی نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق شخص (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

چاغی، نامعلوم مسلح افراد کی حجام کی دکان پر فائرنگ ایک شخص جاں بحق، دو افراد زخمی

چاغی (جی این ایم) چاغی بازار میں نامعلوم مسلح افراد کی حجام کی دکان پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ چاغی پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص اور ایک زخمی کا تعلق چاغی سے ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

نال: اسد مارکیٹ تا سی پیک روڈ کا تعمیراتی کام تاحال شروع نہ ہوسکا، عوام کو مشکلات کا سامنا

نال (جی این ایم) نال میں اسد مارکیٹ سے سی پیک روڈ تک سڑک کی تعمیر کا کام تاحال شروع نہیں ہو سکا، جس کے باعث علاقے کے رہائشیوں اور روزانہ اس راستے سے گزرنے والے افراد کو شدید مشکلات کا سامنا (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

سردار اختر جان مینگل کے خلاف ہرزہ سرائی فارم 47 کے حکمرانوں کی سیاسی بوکھلاہٹ اور ناکامی کا ثبوت ہے، بی این پی

کوئٹہ (جی این ایم) سردار اختر جان مینگل بلوچستان کے مقبول ترین سیاسی قائد اور بلوچستان نیشنل پارٹی بلوچوں اور بلوچستانیوں کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے، جس کے پلیٹ فارم پر تمام مظلوم اقوام اپنے قومی و سیاسی حقوق کے لیے جدوجہد کر رہی ہیں، فارم 47 کے حکمران اور ان کے حواری بی این پی کی قیادت کے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

سوشل میڈیا پر پی اے سی اجلاس کی ریکوری سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں، محکمہ مواصلات وتعمیرات

اجلاس میں محکمے کے مؤثر جواب پر آڈٹ پیراز نمٹائے گئے، حقائق مسخ نہ کیے جائیں، پریس ریلیز

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ مواصلات وتعمیرات حکومت بلوچستان نے ایک تردیدی بیان میں کہا ہے کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس میں کسی قسم کی ریکوری کا فیصلہ نہیں کیا گیا اس حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد ہیں اور اجلاس کی کارروائی کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا جا رہا ہے بیان کے مطابق 6 نومبر 2026 کو چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر ترین کی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

چاغی بازار میں حجام کی دکان پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، 1 شخص جاں بحق، 2 زخمی

پولیس نے واقعے کا نوٹس لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی، انتظامیہ کی تصدیق

چاغی (جی این ایم) چاغی بازار میں نامعلوم مسلح افراد نے ایک حجام کی دکان میں گھس کر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ چاغی پولیس ذرائع کے مطابق مسلح افراد کی فائرنگ سے دکان میں موجود افراد نشانہ بنے۔ واقعے میں جاں بحق ہونے والے شخص اور ایک زخمی کا تعلق چاغی سے ہے، جبکہ دوسرے زخمی شخص کا تعلق (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

شہدادکوٹ پولیس اقدام کے خلاف گنداخہ میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال، پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

میر خان صوبدرانی جمالی کی گرفتاری پر شدید احتجاج، درج مقدمات ختم اور تمام گرفتار افراد کو رہا کیا جائے، مقررین

گنداخہ (جی این ایم) شہدادکوٹ پولیس کی جانب سے لکھپت روڈ پر قائم جمالی برادری کے احتجاجی کیمپ پر مبینہ چڑھائی، قبائلی شخصیت میر خان صوبدرانی جمالی اور ان کے ساتھیوں کی گرفتاریوں اور مقدمات کے اندراج کے خلاف گنداخہ میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی۔ اس موقع پر صوبدرانی ہاؤس سے رئیس شہزادہ خان جمالی کی نگرانی میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، جو شہر کے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس میں عائد بے بنیاد الزامات کی تردید کرتا ہوں، یعقوب کلوانی

خواتین کو تنازعات میں گھسیٹنا قبائلی اقدار کے خلاف ہے، مسائل قانونی دائرے میں حل کیے جائیں، پریس کانفرنس

کوہلو (جی این ایم) گزشتہ روز اپنی اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرنے والے شاہ داد کے الزامات اور مؤقف کے ردعمل میں یعقوب کلوانی نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز میرے اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد اور ناجائز الزامات عائد کرکے ہماری ساکھ کو نقصان پہنچانے اور ہمیں بدنام کرنے کی کوشش کی گئی، جس کی میں سختی سے تردید (باقی صفحہ 3 نمبر 21)



ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر شہر بھر میں کم عمر گداگروں کے خلاف کارروائی کے دوران پکڑے گئے بچے

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں انسدادِ گداگری مہم، 11 کم عمر بھکاری تحویل میں لے لیے گئے

کوئٹہ (جی این ایم) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر کے مختلف علاقوں میں انسدادِ گداگری مہم، 11 کم عمر بھکاری تحویل میں لے لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی کی ٹیم نے یوفون چوک، سرینا چوک، انسکمب روڈ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

حاجی داؤد شاہ اچکزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) عصمت اللہ، محمد ذکریا، ثناء اللہ، سابق انٹرنیشنل باکسر اور واپڈا کوچ حیات اللہ اچکزئی، نقیب اللہ، نصیب اللہ کے والد حاجی داؤد شاہ اچکزئی انتقال کر گئے جنہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، فاتحہ خوانی پشتون آباد رشید چوک حاجی لائی مسجد گلی نمبر 16 میں جاری ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کی آذربائیجان کو یوم فتح کی چھٹی سالگرہ پر مبارکباد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف نے آذربائیجان کے یومِ فتح کی چھٹی سالگرہ پر صدر الہام علیوف اور عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ 8 نومبر آذربائیجان کی قوم کی جرأت، عزم اور قربانیوں کی تاریخی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

وفاقی وزیر رانا ثناء اللہ، مہرین ساجد اور محی الدین احمد وانی کی پاکستان کی مینز سکواش ٹیم کو ایشین ٹائٹل جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ، وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے بین الصوبائی رابطہ مہرین ساجد اور سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین احمد وانی نے 23 ویں ایشین ٹیم سکواش چیمپئن (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کی دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کو مبارکباد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے دیوالی کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغام میں پاکستان سمیت دنیا بھر میں آباد ہندو برادری کو دیوالی کے تہوار پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ تہوار پاکستان میں محبت، مذہبی رواداری، بھائی چارے اور بین المذاہب ہم آہنگی (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

پنجگور چتکان بس ٹرمینل پر ڈکیتی، مسلح افراد تاجروں اور ڈرائیوروں سے نقدی وموبائل فون چھین کر فرار

عدم تحفظ کا شکار دکانداروں اور ٹرانسپورٹرز کا ڈی پی او پنجگور سے سیکیورٹی کی فراہمی اور مسروقہ سامان کی برآمدگی کا مطالبہ

پنجگور (جی این ایم) پنجگور چتکان بس ٹرمینل میں ڈکیتی کی واردات گزشتہ شب 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقد رقومات اور موبائل فون چھین لئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب چتکان میں واقع بس ٹرمینل میں 8 بجے نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر دکانداروں اور چینچی والوں سے نقدی اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

صحبت پور میں چاول کے ڈیرے میں آگ بھڑک اٹھی، فائر بریگیڈ کی بروقت کارروائی سے قابو پالیا گیا

صوبائی وزیر سلیم خان کھوسو کے والد کے ڈیرے پر پیش آنے والے واقعے پر تحفظات، امن وامان پر قابو پانے کا مطالبہ

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور کی تحصیل چھتر اندرون میں چاول کے ڈیرے میں آگ بھڑک اٹھنے کا دوسرا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں صوبائی وزیر و مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر میر سلیم خان کھوسو کے والد منظور حسین کھوسو کے چاول کے ڈیرے میں اچانک شدید آگ نمودار ہوگئی۔ اطلاع ملتے ہی نصیرآباد اور صحبت پور کی میونسپل فائر بریگیڈ کی گاڑیاں موقع پر پہنچ گئیں (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

میرے اور میرے بیٹوں پر بے بنیاد الزامات عائد کرکے بدنام کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، یعقوب کلوانی

میں قانون کا احترام کرنے والا شہری ہوں، بلوچ روایات کا تقاضا ہے کہ خواتین کو تنازعات میں نہ گھسیٹا جائے

کوہلو (جی این ایم) یعقوب کلوانی نے شاہ داد کی جانب سے گزشتہ روز اپنی اہلیہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران لگائے گئے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ میرے بیٹوں پر بے بنیاد اور ناجائز الزامات عائد کرکے ہماری ساکھ کو نقصان پہنچانے اور ہمیں (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر پر 15 سے 20 غنڈوں کا وحشیانہ تشدد

ڈاکٹرز کی عزتِ نفس اور تحفظ پر ایک اور کاری ضرب؛ ضلعی انتظامیہ کی خاموشی ناقابلِ قبول ہے: ترجمان

کوئٹہ (جی این ایم) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈیرہ اللہ یار میں ڈیوٹی پر موجود میڈیکل آفیسر کے ساتھ پیش آنے والے انتہائی افسوسناک، شرمناک اور انسانیت سوز واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ گزشتہ رات تقریباً (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ایس ای کیسکو لورالائی صادق علی کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور حسنِ اخلاق قابلِ تقلید ہے، شاہبہرام مندوخیل

اعلیٰ افسر کا ماتحت عملے کے ساتھ مشفقانہ رویہ اور فیلڈ مانیٹرنگ محکمانہ کارکردگی میں بہتری کا باعث ہے، بیان

ژوب (جی این ایم) کیسکو سرکل لورالائی کے سپرنٹنڈنگ انجینئر (S.E) صادق علی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، اعلیٰ اخلاق، خوش مزاجی، نرم خوئی اور عاجزانہ طرزِ عمل کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے لائن سپرنٹنڈنٹ شاہبہرام مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صادق علی ایک نہایت ملنسار، خاکسار اور فرض شناس آفیسر ہیں، جن کے حسنِ سلوک اور بہترین (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

انتشار پھیلانے والے عناصر تحریک آزادی کشمیر کو نقصان پہنچا رہے ہیں، وزیراعظم آزاد کشمیر

افتخار گیلانی کا لیپہ ویلی میں جلسہ عام سے خطاب، سیاحت کے فروغ کے لیے جامع منصوبہ بندی اور بے روزگاری کے خاتمے کا اعلان

لیپہ ویلی (آن لائن) وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ ایل او سی پر بسنے والے عوام کے عزم، حوصلے اور جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں، بھارتی فوج لائن آف کنٹرول کے عوام کی ہمت اور حوصلے کو سرد نہیں کر سکی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں امن برقرار رکھنے کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 27)



اتوار بازار میں لوگ سردی سے بچاؤ کے لئے کوٹ خرید رہے ہیں

پاکستان کے انتظامی نقشے میں تبدیلی کیلئے 12 صوبے بنانے پر غور

پنجاب کو 4 صوبوں، خیبر پختونخواہ کو 3، بلوچستان کو 3 اور سندھ کو 2 صوبوں میں تقسیم کرنے کا مجوزہ منصوبہ

ممکنہ 28 ویں آئینی ترمیم سے قبل ملک گیر ریفرنڈم کرانے پر غور کیا جا رہا ہے؛ انصار عباسی کی خبر

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان کے انتظامی نقشے میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے ملک میں 12 صوبے بنانے کی تجویز زیرِ غور لائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں، اس مجوزہ پلان کے تحت ممکنہ 28 ویں آئینی ترمیم سے قبل ملک گیر ریفرنڈم کرانے پر بھی غور کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد طرزِ حکمرانی کو بہتر بنانا، انتظامی کارکردگی کو مضبوط کرنا اور ملک بھر میں ترقیاتی عمل کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہے۔ میڈیا کے صحافی انصار عباسی کی خبر کے مطابق اس تجویز کے تحت پاکستان کے چاروں صوبوں کی تنظیمِ نو کی جا سکتی ہے، جس کے نتیجے میں ملک میں صوبوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 12 ہو جائے گی، مجوزہ خاکہ کے تحت پنجاب کو 4، خیبر پختونخواہ کو 3، بلوچستان کو 3 جب کہ سندھ کو 2 صوبوں میں تقسیم کرنے کا تصور پیش کیا گیا ہے، تاہم یہ تجویز تاحال ابتدائی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

جو شہر پال رہا ہے اسے زندہ رہنے دیں، کراچی پر بھی کرم نوازی کریں، خالد مقبول

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ جو شہر ملک کو پال رہا ہے اسے زندہ رہنے دیا جائے اور پاکستان کے دل کراچی پر بھی کرم نوازی کی جائے۔ ایک بیان میں خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ہمار (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

قطر کا ایران کے ساتھ جوہری معائنوں اور آبنائے ہرمز کھولنے کا منصوبہ

ایران بمباری سے متاثرہ جوہری تنصیبات کے معائنے پر رضامند ہوسکتا ہے

دوحہ (جی این ایم) قطر نے امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی ختم کرنے اور آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کے لیے ایک نئی سفارتی تجویز پیش کر دی ہے، جس کے تحت ایران اپنی بمباری سے متاثرہ جوہری تنصیبات تک اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے پر رضامند ہوسکتا ہے، جبکہ امریکہ ایرانی بحری ناکہ بندی ختم کرنے اور منجمد اثاثوں (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

گورنر سندھ کا دورہ شاہی قلعہ لاہور، تاریخی ورثے کے تحفظ کے اقدامات میں دلچسپی کا اظہار

لاہور (جی این ایم) گورنر سندھ نہال ہاشمی نے راشد نصراللہ کے ہمراہ ڈی جی پنجاب والڈ سٹیز اینڈ ہیریٹیج ایریاز اتھارٹی نجم الثاقب کے ساتھ شاہی قلعہ لاہور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شاہی قلعہ میں جاری بحالی وتحفظ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

سوراب میں پولیس کی بروقت کارروائی، فائرنگ کے تبادلے کے بعد چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد

تنک ایریا میں پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ، ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار، سرچ آپریشن جاری

سوراب (جی این ایم) سوراب پولیس نے برق رفتار کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے والے مسلح ملزمان کا تعاقب کیا اور پولیس مقابلے کے بعد چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق شام 7 بج کر 40 منٹ پر سرخی کے علاقے میں نامعلوم مسلح ملزمان نے ایک شہری سے ہنڈا موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے کی کوشش کی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی گشت پر مامور سوراب پولیس کی بھاری نفری نے فوری ردعمل دیتے ہوئے ملزمان (باقی صفحہ 3 نمبر 30)



کوئٹہ، آل پاکستان پرائیویٹ سکولز فیڈریشن بلوچستان کے آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس سے جعفر خان کاکڑ، نذر بڑیچ، امان اللہ مینگل، جیلانی البدری، پروفیسر سید ایاز بلال احمد، محمد نعیم و دیگر رہنما اظہار خیال کر رہے ہیں